NYC Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-750
موضوع: بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کا انسداد
زمرہ: طلباء
جاری کردہ: 18 جون، 2026

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-750 مورخہ 28 ستمبر، 2017 میں ترمیم کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

**تبدیلیاں:**

- اس ضابطے میں ہر جگہ "لازمی اطلاع دینے والا" کو "اطلاع دینے والا" سے تبدیل کیا گیا ہے تاکہ یہ رہنمائی واضح کی جا ئے کہ جو عملہ قانونی طور پر اطلاع دینے کا پابند نہیں ہے، اس کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے کہ کسی بھی بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا معقول شبہ ہونے کی صورت میں اطلاع دے۔
- ضابطے میں مہتمم کے دفتر میں تمام جگہ ڈائریکٹر برائے فیلڈ معاونت مرکز کو طالب علم خدمات منتظم سے تبدیل کرتا ہے۔
- ILOG کے بجائے SCR رپورٹس اور ACS جوابات سے متعلق رپورٹنگ کو OORS میں منتقل کرتا ہے۔
- شفافیت اور روانی کو بہتر بنانے کے لیے شقوں کو دوبارہ منظم کیا گیا اور نمبر دیے گئے ہیں۔

### جُز I. وضاحت

- ”قانونی طور پر ذمہ دار شخص“ اور ”معقول وجہ“ جیسی اصطلاحات کی وضاحت کرتا ہے۔
  - واضح کرتا ہے کہ اطلاع دینے کے لیے NYCPS LYFE مراکز اور نیویارک شہر ابتدائی تعلیمی مراکز کے ملازمین قانونی طور پر ذمہ دار افراد شمار ہو سکتے ہیں۔
- ” بچے کے ساتھ بد سلوکی“ اور ” بچے کے ساتھ بُرے برتاؤ“ کی توضیحات میں ترمیم کرتا ہے تاکہ انہیں ریاستی قانون اور انضباطی رہنمائی دستاویز کے ساتھ ہم آہنگ کیا جائے۔

### جُز II. نیویارک ریاست گیر مرکزی کو رجسٹر برائے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی اطلاع دینے کا طریقہ کار

- ذیلی جز کا اضافہ کرتا ہے تاکہ واضح کیا جائے کہ مبینہ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور/ یا بچے کے ساتھ بُرے برتاؤ کی اطلاع دینے کا قانونی طور پر کون ذمہ دار ہے، اور یہ بھی بتاتا ہے کہ جو عملہ قانونی طور پر اطلاع دینے کا پابند نہیں ہے، اس کی بھی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ کسی بھی بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی معقول شبہ کی صورت میں اطلاع دے۔
- ذیلی شق کا اضافہ کیا جاتا ہے جس میں SCR کو رپورٹ کرنے کے لیے معقول وجہ کے تعین کو واضح کیا جائے، اور اس بات پر زور دیا جائے کہ اس کا انحصار معروضی حقائق، پیشہ ورانہ صوابدید اور تربیت پر ہونا چاہیے۔
- یہ بتاتا ہے کہ وہ خاندان جو SCR کو رپورٹ کرنے کی قانونی حد پر پورا نہیں اترتے، انہیں رپورٹ درج کیے بغیر دستیاب خدمات سے منسلک کیا جائے۔
- تعلیمی غفلت کی بنیاد پر بدسلوکی کے شبہ کی رپورٹنگ سے متعلق ذیلی شق پر نظرِ ثانی کی جائے تاکہ یہ واضح کیا جا سکے کہ:
  - خراب حاضری بذاتِ خود بچوں کے ساتھ غفلت کے شبہ کے لیے معقول وجہ نہیں سمجھی جاتی۔



T-40174 (Urdu)

- تعلیمی غفلت کی بنیاد پر رپورٹس کو ان مقررہ معیار پر پورا اترنا چاہیے جو کسی نقصان یا ممکنہ فوری نقصان کے خطرے کی نشاندہی کریں، اور یہ بھی ظاہر کریں کہ طلباء کے ساتھ مؤثر رابطے کی کوششیں ناکام رہی ہیں۔
- یہ بتاتا ہے کہ اطلاع دینے والوں کے لیے ضروری ہے کہ SCR کو اپنی ذاتی رابطہ معلومات فراہم کریں
- یہ بتاتا ہے کہ اگر اطلاع دہندہ نتائج کا خلاصہ (Summary of Findings) خط موصول کرنا چاہے تو اسے SCR کو اپنا ای میل ایڈریس فراہم کرنا ہوگا۔
- واضح کرتا ہے کہ ضابطے میں استعمال ہونے والی اصطلاح "پرنسپل" سے مراد NYCPS کے زیر انتظام ابتدائی بچپن کی تعلیمی پروگرام کے ڈائریکٹر بھی ہیں۔
- رپورٹنگ کے طریقہ کار کو اس صورت میں واضح کیا جائے جب اطلاع دینے والے کو یقین ہو کہ انہی حقائق کی بنیاد پر پہلے بھی رپورٹ درج کی گئی ہے، جس میں یہ بھی شامل ہو کہ:
  - اطلاع دینے والے کو پرنسپل/ نامزد نمائندے سے مشاورت کرنا ہوگی۔
  - اطلاع دینے والا اس صورت میں رپورٹ درج کرے گا اگر پرنسپل/نامزد نمائندہ اس بات کی تصدیق نہ کرے کہ اسی بنیاد پر پہلے کوئی اور رپورٹ درج اور قبول کی گئی ہے، یا اگر پرنسپل/نامزد نمائندہ "کال آئی ڈی" نمبر فراہم نہ کرے۔

- اجازت دیتا ہے کہ تحریری رپورٹس (LDSS-2221-A) کو اطلاع دینے والے کی معلومات کی بنیاد پر اطلاع دینے والے اور / یا پرنسپل نامزد کردہ کو تیار کرنا چاہیئے۔
- طریقِ کار کی تجدید کرتا ہے کہ تحریری اطلاعات ACS کے برو دفاتر کو ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں اور تازہ ترین رابطہ معلومات فراہم کرتا ہے۔
- NYCPS کے عملے کی رہنمائی میں اضافہ کیا جاتا ہے کہ اگر انہیں خدشہ ہو کہ کوئی طالب علم انسانی اسمگلنگ کا شکار ہو رہا ہے یا اس کے خطرے میں ہے تو وہ Human Trafficking School Safety Protocol میں دیے گئے طریقہ کار پر عمل کریں۔
- بچے کے لیے فوری خطرے کی صورتوں کے لیے طریقہ کار میں ترمیم کرتا ہے، جس میں SSA / NYPD کے ساتھ رابطہ و ہم آہنگی کے تقاضے شامل ہوں، اور اگر ACS کی آمد میں تاخیر ہو تو بچے کی نگرانی برقرار رکھنے کی ضرورت بھی شامل ہو۔
- بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے شبہ کی صورت میں زخموں کی تصویر بنانے سے متعلق پالیسی میں ترمیم کرتا ہے۔
  - یہ بیان کرتا ہے کہ اسکول کا عملہ مشتبہ بچوں کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی تصاویر لینے سے قبل اس کی رپورٹ کرنے کے لیے اپنی بہترین کوششیں کرے۔
- لازم قرار دیتا ہے کہ اگر SCR ایک قانونی نفاذ حوالہ بناتا ہے، اس کے بعد اسکول کو کسی اضافی رپورٹ کو قانون نافذ کرنے والوں کو دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

## جُز III. بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے بارے میں ACS ردعمل میں تعاون کرنے کے طریقہ کار

- وضاحت کرتا ہے کہ CPS کارکنان بچے سے اپنے اوپر کے کپڑے اتارنے کا کہہ سکتے ہیں۔
- ACS کا استعمال کیے جانے والے فارم (DCP-048) کے نام کی تجدید کرتا ہے تاکہ نشاندہی کی جا سکے کہ ہنگامی صورت حال برقرار ہے جس سے بچے کو ایک فوری نقصان پہنچنے کا خطرہ ہے۔
- یہ واضح کرتا ہے کہ جب CPS کے کارکن کسی طالب علم کو حفاظتی تحویل میں لینے کی کوشش کریں، یا جب MDT کے ایک یا زیادہ اراکین کسی طالب علم کو CAC / CPC لے جانے کی کوشش کریں تو پرنسپل/ نامزد نمائندہ کو عمل کی معاونت کے لیے سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کرنا چاہیے۔
- معاونتی تشخیص، ردعمل، شمولیت و معاونت (CARES) کیسز میں ذیلی جز کا اضافہ کرتا ہے، جو SCR کو

موصول ہونے والی ایسی رپورٹس کے لیے بچوں کے تحفظ کا ایک متبادل طریقۂ کار ہے جن کے لیے باقاعدہ تحقیقات کی ضرورت نہیں ہوتی۔

- ○ یہ واضح کرتا کہ اگر کوئی کیس CARES ٹریک پر ہو تو اسکول کا عملہ صرف والدین کی رضامندی کے ساتھ تعلیمی ریکارڈ کا ACS کے ساتھ اشتراک کر سکتا ہے اور/ یا ACS کو بچے تک رسائی فراہم کر سکتا ہے۔

**جُز IV. بچوں کی فلاح و بہبود کے نظام (Child Welfare) سے متعلق طلباء کے بارے میں خدشات کے اظہار سے متعلق پالیسیز اور طریقہ کار**

- یہ واضح کیا جاتا ہے کہ Tiered Response Protocol ایک حفاظتی پروٹوکول ہے اور اسے خراب حاضری سے متعلق مسائل کے حل کے طریقہ کار کے طور پر استعمال نہیں کیا جاتا۔
- لازم قرار دیتا ہے کہ رضاعی نگہداشت میں داخل یا اس سے نکالے گئے طلباء کے بارے میں موصول کی گئی معلومات کو OASIS میں درج کرنا ضروری ہے۔
- یہ واضح کرتا ہے کہ اگر والدین کی جانب سے غیر تسلی بخش وضاحت دی جائے جس سے طالب علم کی فوری حفاظت کے بارے میں تشویش پیدا ہو تو خدشات کو ہر صورت میں ACS تک لے جایا جائے۔
- واضح کرتا ہے کہ مختص کردہ اسکول عملہ معاونت کے لیے NYCPS رضاعی نگہداشت دفتر سے رابطہ کرے۔
- یہ بھی واضح کرتا ہے کہ صرف خراب حاضری، بغیر کسی اور معقول شبہ کے کہ بچے کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاؤ ہو رہا ہے، SCR کو کال کرنے کی ضرورت نہیں بنتی۔

**جُزV. اطلاع دینے والوں کے لیے قانونی مسائل**

- عدالت کی جانب سے جاری کردہ احکامات (subpoenas)، بشمول قانونی معاونت کے لیے رابطوں کے بارے میں تجدید کردہ رہنمائی کرتا ہے۔
- عام بلدیاتی کے قانون § 50-k کے مطابق، قانونی نمائندگی اور ضمانت کے لیے اہلیت کی وضاحت کرتا ہے۔

**جُز VII. عملے کی تربیت اور والدین اور طالب علم کی تعلیم**

- لازم قرار دیتا ہے کہ اسکول کے عملے کی تربیت میں خاندانوں کے لیے وسائل کی دستیابی ضرور شامل ہونی چاہیے۔
- ACS معاونت لائن میں فون نمبر شامل ہونا چاہیے۔
- تقاضہ کرتا ہے کہ، ریاست کے قانون کے تحت، گریڈز K-8 کے طلباء عمر کی مناسبت سے تدریس حاصل کریں گے جسے بچے کے استحصال اور جنسی زیادتی سے بچاؤ کے لیے تشکیل دیا ہو۔
- Infohub پر تعلیمی وسائل کی دستیابی فراہم کرتا ہے اور معلومات کی اقسام کی وضاحت کرتا ہے۔

**جُز VIII. NYCPS کے ملازمین کی جانب سے غلط طرزعمل پر اطلاع دینے کی ذمہ داری**

- واضح کرتا ہے کہ چانسلر کا ضابطہ A-820 کے تحت، خاص کمشنر برائے تفتیش کو دی جانے والی اطلاع میں طالب علم کی کوئی ذاتی قابلِ شناخت معلومات شامل نہیں ہونی چاہئیں۔

**جُز IX. اطلاع نامہ**

- تقاضہ کیا جاتا ہے کہ ہر اسکول ACS رابطہ معلومات شائع کرے گا۔

Department of Education

# چانسلر کا ضابطہ

نمبر: A-750
موضوع: بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی روک تھام
زمرہ: طلباء
جاری کردہ: 18 جون، 2026

## فہرستِ مشمولات


**تعارف.......................................................................................3**

**I. تشریحات..................................................................................3**

**II. نیویارک ریاستی سطح پر قائم بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے مرکزی رجسٹر کو رپورٹ کرنے کا طریقہ کار....................4**

A. بچے کے ساتھ مبینہ بدسلوکی اور/ یا بُرے برتاؤ کی رپورٹ دینے کا ذمہ دار کون ہے.........5
B. معقول وجہ کا تعین.........5
C. تعلیمی غفلت کی بنیاد پر بُرے برتاؤ کے شبہات کی اطلاع دینا.........6
D. اطلاع نامہ تیار کرنا.........6
E. کسی بچے کے لیے فوری خطرے والے کیسوں کا طریقہِ کار.........9
F. چوٹوں کی تصویریں لینے کے بارے میں پالیسی جب بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا شبہ ہو.........10
G. طریقہ کار اگر SCR اطلاع نامہ کو مسترد کر دے اور / یا اطلاع نامے کو پولیس کے حوالے کر دے.........12

**III. بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی اطلاعات پر ACS کی کاروائیوں میں تعاون کرنے کے لیے طریقہِ کار.........13**

A. ACS کی ابتدائی تفتیش.........13
B. طلباء کا بچوں کے حمایتی مراکز / بچوں کے تحفظاتی مراکز میں کثیر شعبہ ٹیم کی تفتیشات یا دیگر بچوں کی تحفظاتی خدمات منتقلی کے لیے تبادلہ کرنا.........14
C. تفریقی ردعمل کیسس (اشتراکی تشخیص، رد عمل، شمولیت اور معاونت ((CARES.........16

**IV. اطفالی فلاح و بہبود شمولیت سے متعلق خدمات کے اظہار کرنے کے لیے پالیسیاں اور طریقہ کار (مرحلہ وار پروٹوکول).........16**

A. مرحلہ وار پروٹوکول.........16
B. اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کا شناخت کیا جانا.........17
C. جائزہ اور تشخیص.........18
D. ACS یا ACS ادارے کے شراکت دار کو خدمات کے بارے میں لازمی آگاہ کرنا.........19
E. SCR کو خدمات سے آگاہ کرنا.........19

**V. اطلاع کاروں کے لیے قانونی مسائل.........20**

A. جواب دہی سے استثناء........ 20
B. اطلاع نہ کرنے پر جواب دہی اور جرمانے........ 20
C. انتقامی کاروائی کی ممانعت........ 20
D. اسکول کے عملے پر عدالتی حکم نامہ (Subpoena) کی تعمیل........ 20
E. ملازم کا قانونی نمائندگی کرنے کی ایک درخواست دینے کا استحقاق........ 21

**VI. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت کی ٹیمز کی ذمہ داریاں........ 21**
A. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخل کی اسکول ٹیمز........ 21
B. مہتمم کے دفاتر........ 22

**VII. عملے کی تربیت اور والدین اور طالب علم کی تعلیم........ 22**
**A. عملے کی تربیت........** 22
B. والدین کی شرکت........ 23
C. طالب علم کی تعلیم........ 23

**VIII. NYCPS ملازمین کی جانب سے غلط طرزعمل پر اطلاع دینے کی ذمہ داری........ 24**

**IX. اعلانات........ 24**

**X. OORS کو اطلاع دینا........ 25**
A. بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا OORS اطلاع نامہ........ 25

**XI. تکنیکی معاونت........ 25**

**XII. سوالات........ 25**

## خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے A-750 مورخہ 28 ستمبر، 2017 میں ترمیم کرتا ہے اور اس کی جگہ لیتا ہے۔

نیویارک ریاست کے سماجی خدمات قانون کے مطابق، اسکول کے اہلکار اطلاع دینے کے پابند ہیں اور اپنے پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے دوران جب انہیں بچے کے ساتھ بدسلوکی یا غفلت کے بارے میں معقول شبہ ہو تو یہ ضروری ہے کہ وہ بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا غفلت کی اطلاع دیں۔ یہ ضابطہ اس بات کی وضاحت کرتا ہے کہ نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے عملے پر اس قسم کی رپورٹس درج کرنا قانونی طور پر کب ضروری ہوتا ہے۔ یہ ضابطہ اس بات پر بھی روشنی ڈالتا ہے کہ خاندان کو کمیونٹی پر مبنی معاونتی خدمات سے کب اور کیسے منسلک کیا جائے۔ یہ ضابطہ مزید اس بات کی وضاحت کرتا ہے

که NYCPS کے عملے پر نیویارک شہر انتظامیہ برائے بچوں کی خدمات (ACS) کی جانب سے کی جانے والی تحقیقات میں تعاون کرنا ضروری ہے، اور ان طلباء سے متعلق خدشات کو اوپر تک پہنچانا بھی ضروری ہے جن کا تعلق بچوں کی بہبود کے نظام سے ہو اور جن کی غیر حاضری کی وضاحت غیر تسلی بخش ہو۔

یہ ضابطہ ریاستی قانون کے ان تقاضوں کا جواب بھی ہے جن کے تحت سرکاری اسکولز کو کنڈرگارٹن سے آٹھویں جماعت تک کے طلباء کو بچوں کے ساتھ جنسی بدسلوکی اور استحصال کی روک تھام سے متعلق تعلیم فراہم کرنا ضروری ہے۔

## تعارف

ایک بچے کو بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا شکار تب تصور کیا جاتا ہے جب بچہ 18 سال سے کم عمر ہو اور والد، سرپرست، نگہبان، یا گھر میں باقاعدگی سے رہنے والا فرد، یا بچے کی دیکھ بھال کا قانونی طور پر ذمہ دار کوئی بھی شخص بچے کو واضح نقصان کے خطرے میں ڈالے یا بچے کے تحفظ کے لیے کم سے کم درجے کی احتیاط برتنے میں ناکام رہے۔ NYCPS کے اسکول کے عملے، بطور اطلاع دہندگان، ضروری ہے کہ وہ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور خراب برتاؤ کے معقول شبہ کی صورت میں فوری طور پر (SCR) Statewide Central Register of Child Abuse and Maltreatment کو رپورٹ کریں۔

اس ضابطے میں بیان کردہ بچے کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاؤ کے علاوہ مشتبہ مجرمانہ سرگرمی سے متعلق خدشات، اور NYCPS کے کسی ملازم یا NYCPS کے اسکول پروگراموں یا خدمات سے منسلک دیگر افراد کی جانب سے بدانتظامی سے متعلق خدشات کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-412 دیکھیں۔

اگر کسی بھی وقت بچے کی صحت یا حفاظت کو فوری خطرہ لاحق ہو، یا بچے کو فوری طبی امداد کی ضرورت ہو، تو 911 پر فوراً رابطہ کیا جانا چاہیے۔ چانسلر کا ضابطہ A-412 دیکھیں۔

## I. تشریحات

ذیل میں اس ضابطے میں استعمال ہونے والی اصطلاحات کی تشریحات بیان کی گئی ہیں۔

**والدین**

اس ضابطے میں استعمال ہونے والی اصطلاح parent سے مراد بچے کے والد/والدہ، سرپرست، یا کوئی اور شخص ہے جو والدین کے طور پر یا نگہداشت کی حیثیت سے تعلق رکھتا ہو، یا ایسا فرد جسے والدین نے والدین کے قائم مقام (in loco parentis) کے طور پر نامزد کیا ہو، یا جیسا کہ چانسلر کے ضابطہ A-101 میں بیان کیا گیا ہے۔

**قانونی طور پر ذمہ دار شخص**

قانونی طور پر ذمہ دار شخص (PLR) میں بچے کا سرپرست، نگہداشت کنندہ، یا کوئی بھی ایسا شخص شامل ہے جو متعلقہ وقت میں بچے کی دیکھ بھال کا قانونی طور پر ذمہ دار ہو۔ نگہداشت کنندہ میں 18 سال سے زائد عمر کا کوئی بھی ایسا شخص شامل ہو سکتا ہے جو مسلسل یا باقاعدہ وقفوں سے بچے کے ساتھ ایک ہی گھرانے میں موجود ہو۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے، قانونی طور پر ذمہ دار شخص (PLR) میں NYCPS کے LYFE مرکز کے ملازمین اور نیویارک شہر ابتدائی تعلیمی مراکز (NYCEEC) کے ملازمین بھی شامل ہیں۔

**بچوں کے ساتھ بدسلوکی**

18 سال سے کم عمر کا بچہ اس صورت میں بچے کے ساتھ بدسلوکی کے زمرے میں آتا ہے جب بچے کے والدین یا کوئی اور قانونی طور پر ذمہ دار شخص (PLR): (i) بچے کو غیر حادثاتی طریقے سے شدید جسمانی چوٹ پہنچائے یا اس کے ساتھ ایسا ہونے دے،
(ii) غیر حادثاتی طریقے سے شدید جسمانی چوٹ کا واضح خطرہ پیدا کرے یا ایسا ہونے دے، یا
(iii) بچے کے ساتھ جنسی بدسلوکی کا کوئی عمل کرے یا ایسا ہونے دے۔

**بچے کے ساتھ بُرا برتاؤ**

بچے کے ساتھ ناروا سلوک (بشمول غفلت) سے مراد 18 سال سے کم عمر بچے کو اس کی دیکھ بھال کے ذمہ دار افراد کی جانب سے ناکافی نگہداشت فراہم کرنا ہے۔ بچے کے ساتھ ناروا سلوک/ غفلت اس وقت واقع ہوتی ہے جب والد/ والدہ یا کوئی اور قانونی طور پر ذمہ دار شخص (PLR):

1. بچے کو نقصان پہنچائے یا کم سے کم درجے کی دیکھ بھال فراہم کرنے میں ناکامی کے باعث بچے کو فوری نقصان کے خطرے میں ڈالے، بذریعہ:
   a. بچے کو مناسب خوراک، لباس، رہائش، تعلیم ("تعلیمی غفلت") اور/ یا طبی نگہداشت فراہم کرنے میں ناکام رہے، حالانکہ ایسا کرنے کی مالی استطاعت موجود ہو یا اس مقصد کے لیے مالی یا دیگر معقول وسائل فراہم کیے گئے ہوں؛ یا، مبینہ تعلیمی غفلت کی صورت میں، اسکول ضلع یا مقامی تعلیمی ادارے اور بچوں کے تحفظ کے ادارے کی جانب سے اس کمی کو دور کرنے کی کوششوں کے باوجود یہ ناکامی برقرار رہے؛ یا
   b. بچے کی مناسب نگرانی فراہم کرنے میں ناکام رہے، جس کے نتیجے میں غیر معقول طور پر بچے کو نقصان پہنچایا جائے یا نقصان پہنچانے کا موقع دیا جائے، یا نقصان کا نمایاں خطرہ پیدا ہونے دیا جائے، بشمول: (a) منشیات یا الکحل کا ایسا غلط استعمال جو بچے کی مناسب نگرانی کی صلاحیت میں مداخلت کرے، (b) حد سے زیادہ جسمانی سزا دینا، یا (c) اسی نوعیت کے دیگر سنگین اعمال جن کے لیے فیملی کورٹ کی مداخلت درکار ہو؛ یا
2. بچے کو لاوارث چھوڑ دے۔

**معقول وجہ**

بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے معقول شبے سے مراد یہ ہے کہ حقائق پر مبنی مشاہدات، پیشہ ورانہ تربیت اور تجربے کی بنیاد پر اطلاع دہندہ یہ یقین رکھتا ہو کہ والد/ والدہ یا کوئی اور قانونی طور پر ذمہ دار شخص (PLR) بچے کو نقصان پہنچانے یا اسے فوری نقصان کے خطرے میں ڈالنے کا ذمہ دار ہے۔

**اطلاع کا موضوع**

رپورٹ کا موضوع (Subject of the Report) وہ شخص ہوتا ہے جس کے خلاف بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا الزام SCR کو رپورٹ کیا گیا ہو۔

## II. نیویارک ریاستی سطح پر قائم بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے مرکزی رجسٹر کو رپورٹ کرنے کا طریقہ کار

**A.** بچے کے ساتھ مبینہ بدسلوکی اور/ یا بُرے برتاؤ کی رپورٹ دینے کا ذمہ دار کون ہے

1. ایسی صورتحال میں جب کوئی بچہ ان کے سامنے پیشہ ورانہ یا سرکاری حیثیت میں آئے، تو درج ذیل عملہ اطلاع دینے کا پابند (mandated reporters) شمار کیا جاتا ہے: NYCPS کے اسکول اہلکار، جن میں اساتذہ، رہنمائی مشیر، اسکول ماہرینِ نفسیات، سماجی کارکنان، نرسیں، منتظمین یا وہ دیگر عملہ شامل ہے جن کے پاس تدریسی یا انتظامی لائسنس یا سرٹیفکیٹ ہونا ضروری ہو، اور کھیلوں کے کوچز، سماجی خدمات قانون کے مطابق اطلاع دینے کے پابند ہیں۔
2. اسکول معاونین، متعلقہ خدمات فراہم کرنے والا عملہ، اور وہ اسکول عملہ جو والدین سے رابطے میں رہتے ہیں، جیسے والدین رابطہ کار، اگر وہ اوپر بیان کردہ تعریف پر پورا نہیں اترتے، تو NYCPS پالیسی کے مطابق وہ بھی اس وقت اطلاع دہندگان شمار ہوتے ہیں جب وہ اسکولز میں کام کر رہے ہوں اور/ یا طلباء سے پیشہ ورانہ حیثیت میں رابطہ کر رہے ہوں۔
3. اس کے علاوہ، اسکولز میں کام کرنے والا دیگر عملہ، جن میں صفائی کا عملہ اور اسکول کھانے کا عملہ شامل ہے، اطلاع دینے کے پابند (non-mandated reporters) نہیں ہوتے، تاہم جب انہیں بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا معقول شبہ ہو تو ان کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اطلاع دیں۔ اس ضابطے کے مقاصد کے لیے، اطلاع دینے کے پابند افراد سے متعلق تمام اقدامات اور گفتگو کا اطلاق غیر پابند اطلاع دہندگان پر بھی ہوتا ہے، سوائے اس حد تک جہاں رپورٹ کرنا ضروری نہ ہو۔ تاہم، اگر کوئی غیر پابند اطلاع دہندہ رپورٹ کرنے کا انتخاب کرے تو اسے اس ضابطے کی شقوں کی پابندی کرنا ہو گی۔

**B.** معقول وجہ کا تعین

1. یہ تعین کرنے کے لیے کہ آیا SCR کو اطلاع دینے کی کوئی معقول وجہ ہے، اطلاع کاروں کو چاہیے کہ تنقیدی سوچ اور معروضی حقائق پر بھروسہ کریں۔ مندرجہ بالا جز I میں توضیحات کا مقصد NYCPS کے عملے کی یہ سمجھنے میں مدد کرنا ہے کہ کب انہیں قانونی طور پر ایک اطلاع تیار کرنے کی ضرورت ہے۔ اس اطلاع کار کے لیے ضروری نہیں ہے کہ وہ اطلاع کرنے سے قبل ٹھوس ثبوت حاصل کرے یا انٹرویو کرے یا بصورتِ دیگر اس بچے کی جانچ کرے۔ البتہ، فراہم کردہ معلومات یا مشاہدات کی وضاحت کے لیے سوالات پوچھنے کی اجازت ہے تاکہ فیصلہ کیا جا سکے کہ آیا بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا شبہ کرنے کی معقول وجہ ہے۔
2. نیویارک ریاست اور NYCPS جانتے ہیں کہ کسی اطلاع کار کا فیصلہ کرنا کہ آیا معقول وجہ موجود ہے تعصبات (یقینی یا واضح)، ذاتی عقائد، اقدار اور تجربات کے زیر اثر ہو سکتا ہے۔ اطلاع کاروں کے لیے یہ سمجھنا اہم ہے کہ:
   a. ان کے ذاتی تعصبات کا اثر ان کے فیصلوں پر نہیں پڑنا چاہیے؛
   b. ثقافتی تفریق کو زیر غور نہیں لانا چاہیے؛
   c. ایک اطلاع تیار کرنے کے لیے صرف غربت ہی ایک بنیاد نہیں ہے؛
   d. ایک اطلاع تیار کرنے کے لیے صرف خراب اسکول حاضری ہی بنیاد نہیں ہے (جز II.C ملاحظہ کریں)۔
3. اطلاع کار کے پیشہ ورانہ کردار میں، ہو سکتا ہے کہ انہیں ایسے خاندانوں سے واسطہ پڑ جائے جنہیں مدد کی ضرورت ہے یا مسائل میں گھرے ہوئے ہیں جو SCR کو اطلاع دینے کی قانونی حد پر پورا نہیں اترتے ہیں لیکن جو معاونتوں اور خدمات سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ ایسے خاندانوں کا دستیاب اور موزوں کمیونٹی خدمات کے ساتھ رابطہ کروانا چاہیے۔ خاندان کی معاونتی خدمات کے لیے یہ ضروری نہیں ہے

که اس خاندان کا بچے کا تحفظاتی کیس ہو اور SCR کو کال کیے بغیر رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ خاندانوں کے لیے ایک وسیع پیمانے کی دستیاب خدمات تک رسائی حاصل کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے بچے کے ساتھه بدسلوکی کی اطلاع کی NYCPS ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

**C.** تعلیمی غفلت کی بنیاد پر بُرے برتاؤ کے شبہات کی اطلاع دینا

1. خراب اسکول حاضری بذاتِ خود بدسلوکی کے شبہے کے لیے کوئی معقول وجہ نہیں ہے۔ ایک مشتبہ تعلیمی غفلت کی اطلاع SCR کو صرف اس وقت دینا چاہیے جب بچے کا نقصان ہو گیا ہو یا غیر حاضری کے سبب نقصان ہونے کا فوری خطرہ لاحق ہو۔ اسکول کے عملے کو سب سے پہلے طالب علم، خاندان، اور کمیونٹی اداروں کے ساتھ کام کرنے کی کوشش کرنی چاہیے تاکہ ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ضروریات اور دستیاب وسائل کی نشاندہی کی جائے۔
2. تعلیمی غفلت کے لیے SCR کو کال کرنے کے لیے تمام ذیلی عوامل کا موجود ہونا ضروری ہے۔
   a. بچے کی عمر لازمی طور پر اسکول جانے کی ہو اور فی الحال نیو یارک شہر کا رہائشی ہونا چاہیے؛
   b. بچے کا بغیر کسی مستند وجہ کے حد سے زیادہ غیر حاضر ہونا ضروری ہے؛
   c. حد سے زیادہ غیر حاضری کی وجہ سے بچے کی تعلیم کا نقصان ہونا ضروری ہے (یا بچے کے پاس ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) ہو اور حد سے زیادہ غیر حاضری کی وجہ سے ضروری خدمات سے محروم ہو گیا ہے)؛
   d. والدین یا دیگر قانونی طور پر ذمہ دار شخص (PLR) کو حد سے زیادہ غیر حاضری اور نقصان کے بارے میں گھر پر ایک نوٹ بھجنے یا محض ایک وائس میل پیغام بھجنے کے علاوہ بھی دیگر طریقوں سے آگاہ کر دیا گیا ہو؛
   e. اسکول کے افسران نے بچے اور والدین یا دیگر PLR کو معاملہ حل کرنے کے لیے شامل کرنے کی کوششیں کی ہوں (مثالوں کے لیے چانسلر کا ضابطہ A-210 ملاحظہ کریں)؛ اور
   f. والدین یا دیگر PLR نے اس معاملے کو حل کرنے کے لیے کوئی عملی قدم نہ اُٹھایا ہو۔
3. چانسلر کا ضابطہ A-210(حاضری پروگراموں کے معیارات) وہ مطلوبات طے کرتا ہے جن کے تحت غیر حاضر رہنے والے طلباء کے بارے میں فارم 407 کی تفتیش کب اور کیسے کیا جانا ضروری ہے۔ چاہیے فارم 407 تفتیش کی گئی ہو یا نہیں، اگر جُز II.C میں دی گئی تعلیمی غفلت کی تمام شرائط پوری ہو رہی ہوں، تعلیمی غفلت کی ایک اطلاع فائل کیا جانا ضروری ہے۔

**D.** اطلاع نامہ تیار کرنا

1. اگر 18 سال کی عمر سے کم کا بچہ ایک اطلاع کار (رپورٹر) کے پاس اسکی باضابطہ یا پیشہ ورانہ اسکول سے متعلقہ حیثیت میں آتا ہے اور اس اطلاع کار کے پاس یہ شبہ کرنے کی معقول وجہ موجود ہو کہ والدین، یا دیگر PLR نے اس بچے کے ساتھ زیادتی یا بُرا برتاؤ کیا ہے، اطلاع کار سے تقاضہ کیا جاتا ہے کہ فوراً اس شبہے کے بارے میں SCR کو 1-800-635-1522 پر فون کر کے اطلاع دے۔
2. اگر والدین، یا دیگر PLR کسی اطلاع کار کے سامنے اسکی پیشہ ورانہ یا سرکاری حیثیت سے پیش ہوتے ہیں اور اپنی ذاتی معلومات کی بنا پر حقیقتیں، حالات، یا واقعات بیان کرتے ہیں جو، اگر صحیح ہیں، تو ایک 18 سال کی عمر سے کم کے بچے کو بطور ایک بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا شکار مانا جائے گا، اطلاع دینے والے کو چاہیے کہ ان شبہات کی فوراً SCR کو جُز II.D.1 کے تحت اطلاع فراہم کرے۔
3. اطلاع کار کو SCR کو اپنی رابطہ معلومات اور NYCPS کے عملے کے ہر اس رکن کے نام، عہدہ اور رابطہ کی معلومات، جس حد تک اس کو معلوم ہو لازماً فراہم کرنا چاہیے جن کو اس اطلاع نامے میں دیے گئے

الزامات کے بارے میں براہِ راست علم ہونے کا یقین ہو۔ اطلاع کار پر لازم ہے کہ جس حد تک اس اطلاع کار کو علم ہو، بچے کے ساتھ مبینہ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے بارے میں معلومات فراہم کرے اور لازماً مشورہ دے کہ کیا بچہ خاص تعلیم خدمات حاصل کر رہا ہے اور اس کی معذوری کی نوعیت کیا ہے۔

4. مشتبہ بُرے برتاؤ کا اطلاع نامہ بنانے کے بارے میں مطلوبات جس کی بنیاد تعلیمی غفلت ہو جُز II.C میں بیان کی گئی ہے۔ ایک بچے کی غیر حاضری کی وجہ بننے والے حالات کی تفتیش کرنے کے متعلق طریقہ کار، جس سے تعین کیا جا سکے کہ کیا ان غیر حاضریوں کا تعلق تعلیمی غفلت سے ہو سکتا ہے یا کوئی بُرا برتاو یا بچے کے ساتھ بدسلوکی ہے جیسے کہ چانسلر کے ضابطہ A-210 میں دیا گیا ہے (حاضری پروگراموں کے لیے معیارات)۔
5. اطلاع کار کو SCR سے "کال آئی ڈی" نمبر کے لیے پوچھنا لازمی ہے۔ اس "کال آئی ڈی" نمبر کو محفوظ رکھنا چاہئیے اور اطلاع کار اور اسکول کے اہلکار کو اسے OCFS LDSS-2221A کی تحریری رپورٹ کو مکمل کرنے اور NYCPS کا آن لائن واقعات کی اطلاع دینے کا نظام (OORS) کو اطلاع دینے کے لیے استعمال کرنا چاہئیے۔ (جز II.D.8 اور X ملاحظہ کریں). اگر اطلاع کار نتائج کا خلاصہ خط دستیاب ہونے پر موصول کرنا چاہے تو اسے SCR کو اپنا ای میل پتہ فراہم کرنا ہوگا۔
6. SCR کو رپورٹ درج کروانے کے بعد، اطلاع کار کو فوراً (اور اسکول دن کے اختتام سے قبل)، پرنسپل / نامزد کردہ کو مطلع کرنا چاہیے اور انہیں "کال آئی ڈی نمبر" فراہم کرنا چاہیے۔ جیسے کہ اس ضابطے میں استعمال ہوا ہے، "پرنسپل" کا مطلب NYCPS کے تحت چلنے والے ابتدائی بچپن تعلیمی پروگرام کا ڈائریکٹر بھی ہوتا ہے۔ NYCPS کی عمارتوں میں ابتدائی بچپن کے تعلیمی پروگراموں کے لیے، پرنسپل کے نامزد کردہ کا بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلتی کی ٹیم کا ایک رکن ہونا ضروری ہے (جز VI ملاحظہ کریں)۔ اس ضابطے سے متعلق پرنسپل کی ذمہ داریوں کو ذیل میں مزید بیان کیا گیا ہے۔ اگر پرنسپل کسی کو نامزد کرکے یہ ذمہ داریاں تفویض کرنا چاہے تو پرنسپل کو چاہئیے کہ سالانہ بنیادوں پر اپنا نامزد کردہ کا تقرر کرے۔
7. اگر اطلاع کار کے پاس بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے بارے میں شبہ کرنے کی معقول وجہ ہے اور براہ راست علم رکھتا ہے کہ انہی حقائق، حالات یا واقعات کی بنیاد پر اسکول میں ایک دوسرے اطلاع کار کی جانب سے ایک اطلاع نامہ پہلے ہی تیار کرکے SCR کو دے دی گئی ہے، اسے چاہئیے کہ فوراً پرنسپل / نامزد سے مشورہ کرے۔ اگر پرنسپل / نامزد اسکی تصدیق کرے کہ ایک اور رپورٹ تیار اور منظور کی جا چکی تھی، انہیں چاہیے کہ اطلاع کار کو فوراً ایک "کال آئی ڈی نمبر" فراہم کریں۔ اگر پرنسپل / نامزد تصدیق نہ کرے کہ ایک اور اطلاع نامہ تیار کرکے منظور کیا جا چکا ہے، یا اگر پرنسپل / نامزد اطلاع کار کو ایک "کال آئی ڈی" نمبر فراہم نہ کریں، اطلاع کار کو چاہیے کہ فوراً SCR کو مطلع کرے اور مندرجہ بالا دیے گئے طریقے پر عمل کرے۔
8. اس اطلاع کار اور/ یا پرنسپل / نامزد کردہ کو SCR کو زبانی اطلاع دینے کے بعد 48 گھنٹوں کے اندر LDSS-2221A فارم استعمال کرتے ہوئے ایک تحریری اطلاع نامہ بھی لازماً تیار کرنا چاہیے۔ اس تحریری اطلاع نامے میں لازماً شامل ہونا چاہیے: (a) عملے کے ہر اس فرد کا نام، عہدہ اور رابطہ معلومات بشمول ای میل پتہ شامل ہونا چاہیے جنہیں اس الزام (الزامات) کے بارے میں براہ راست علم ہے؛ (b) جہاں بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی اطلاع کا تعلق معذوری کے حامل ایک بچے سے ہے، اس بچے کی معذوری کی تفصیل اور اسکول کی جانب سے فراہم کردہ طبی یا متعلقہ خدمات؛ اور (c) SCR کی جانب سے فراہم کردہ "کال آئی ڈی" نمبر موجود ہونا چاہیے۔ اطلاع کار پر لازم ہے کہ ایسی معلومات فراہم

کرے جو کال کرنے کے لیے یہ نشاندہی کرنے کی بنیاد بنے کہ الزامات والدین یا دیگر PLR کے خلاف تیار کیے گئے ہیں۔ اطلاع کار کو چاہئیے کہ اس فارم میں جہاں کہا گیا ہے کہ "اطلاع کار تفتیش کے نتائج حاصل کرنے کی درخواست کر رہا ہے"، کے "جی ہاں" خانے پر نشان لگا کر تفتیش ہونے کے بعد نتائج کی ایک نقل بھی حاصل کر سکتا ہے۔ اس فارم کی کاپیاں نیو یارک پبلک اسکولز کی بچوں کے ساتھ بدسلوکی کی اطلاع کی ویب سائٹ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

LDSS-2221A تحریری اطلاع نامے کو لازماً اس برو کے مقامی ACS دفتر کو، جہاں اطلاع میں دیا گیا مبینہ فرد رہائش پذیر ہے، پرنسپل، اور مہتمم کے نامزد کردہ کو بذریعہ ای میل بھیجنا چاہیے۔ ACS برو دفاتر اور مہتمم کے نامزد کردہ کی رابطہ معلومات InfoHub پر تلاش کی جا سکتی ہیں۔

9. اسکول پر لازم ہے کہ LDSS-2221A کے تمام تحریری اطلاع ناموں کی نقول کو ایک فائل میں رکھیں جس پر ”بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی اطلاعات“ لکھا ہوا ہو، اور اس فائل کو ایک محفوظ جگہ پر رکھا جائے جو صرف پرنسپل / نامزد کے لیے قابل رسائی ہونا چاہیے۔ اس اطلاع نامے کی ایک نقل مہتمم کے دفتر میں طالب علم خدمات منتظم کو بھیجنا لازمی ہے، جنہیں اسی طرح ایسے اطلاع ناموں کو سنبھال کر رکھنا چاہیے (بچے کے ساتھ بدسلوکی کے انسداد اور مداخلت سے متعلق طالب علم خدمات منیجر کی ذمہ داریاں جُز VI.B میں واضح کی گئی ہیں)۔
10. اگر اطلاع کار بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے بارے میں ایک الزام کے بارے میں اضافی معلومات حاصل کرتا ہے جس کی پہلے اطلاع دی گئی تھی، اس اطلاع کار پر لازم ہے کہ SCR کو اس اضافی معلومات کے موصول ہونے کے بارے میں 24 گھنٹوں کے اندر کال کرے، بیان کرے کہ اسکے پاس ایک پچھلے اطلاع نامہ کے بارے میں اضافی معلومات ہیں، اور کسی اضافی عملے کے اس فرد کا نام، عہدہ اور رابطہ معلومات سے متعلق نئی معلومات فراہم کرے جو الزام کے بارے میں براہ راست علم رکھتا ہو۔ اگر اضافی معلومات میں نئے الزامات شامل نہیں ہیں، ایک نئی LDSS-2221A تحریری اطلاع نامے کی ضرورت نہیں ہے۔ SCR کو اضافی معلومات دینے کے لیے کال کرنے کے بعد، اس اطلاع کار پر لازم ہے کہ پرنسپل / نامزد کو اس حقیقت کی لازماً اطلاع دے کہ اضافی معلومات کی کال کر دی گئی ہے اور LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ جو پہلے جمع کروایا گیا تھا اس میں اس اضافی معلومات کو شامل کر کے تجدید کردہ اطلاع نامہ جمع کروائے جیسا کہ جز II.D.8 میں بیان کیا گیا ہے۔
11. اگر اطلاع کار کے پاس اسی بچے کے ساتھ بد سلوکی یا بُرے برتاؤ کے بارے معقول شبہات موجود ہیں جن کی بنیاد کا تعلق ان حقائق، حالات یا واقعات سے مختلف ہو جن کی وجہ سے اس بچے کے بارے میں پچھلا اطلاع نامہ بنا تھا ان معقول شبہات کی اطلاع لازماً SCR کو دینی چاہیے اور لازمی طور پر ایک نیا LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ تیار کر کے جز II.D.8 کے تحت جمع کروانا چاہیے۔

**ACS رابطہ معلومات**

LDSS-2221A تحریری اطلاع ناموں کو مندرجہ ذیل ای میل پتے پر ارسال کیا جا سکتا ہے:

**برونکس:** dcp.bronxldss-2221a@acs.nyc.gov

**بروکلن:** dcp.brooklynldss-2221a@acs.nyc.gov

**مین ہیٹن:** dcp.manhattanldss-2221a@acs.nyc.gov

**کوئنز:** dcp.queensldss-2221a@acs.nyc.gov

**اسٹیٹن آئلینڈ:** dcp.statenislandldss-2221a@acs.nyc.gov

دفتر برائے خاص تفتیش[1] (OSI): OSI-appl@acs.nyc.gov

12. NYCPS عملے پر لازم ہے کہ جب کبھی انکے پاس کسی عملے کے رکن کی جانب سے کسی بھی عمر کے خاص ضروریات کے حامل افراد کے ساتھ ایک رہائشی مقام پر بدسلوکی یا بُرے برتاؤ پر شبہ کرنے کی مناسب وجہ ہو، ایک اطلاع نامہ SCR کے بجائے نیویارک ریاست کے انصاف مرکز برائے کمزور افراد کا مرکزی رجسٹر (VCPR) کو 2122-373 (855) پر ارسال کر دیں۔
13. SCR کو اطلاع کاروں کے فراہم کردہ اطلاع ناموں کو صیغۂ راز میں رکھا جاتا ہے، لیکن انہیں بےنامی نہیں بنایا جا سکتا۔ اطلاع کاروں پر لازم ہے کہ SCR کو اپنا نام اور رابطہ معلومات، بشمول وہ طریقہ فراہم کرے جس کے ذریعے ACS بعد از اسکول اوقات ان سے رابطہ کر سکتا ہے۔ ACS کے عملے کو کسی تفتیش کے دوران اس اطلاع کار کا نام جاری کرنے یا اس اطلاع کار کے اسکول کا والدین کے ساتھ تعلق، اطلاع کا موضوع، یا خاندان کو افشا کرنے کی ممانعت ہے۔ اسکے علاوہ، NYCPS عملے کو اس اطلاع کار کا نام افشا یا اسکی تصدیق کرنے کی ممانعت ہے کہ اسکول نے یہ اطلاع نامہ والدین کے لیے بنایا ہے، اس اطلاع نامے کا موضوع، خاندان، یا کسی بھی فرد کو جو سماجی خدمات کے قانون کے تحت اس اطلاع کو موصول کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ سماجی خدمات قانون قرار دیتا ہے کہ اطلاع کار فرد کی شناخت تک صرف ACS، کسی عدالت، گرانڈ جیوری، ضلعی اٹارنی، پولیس یا دیگر اداروں کو دی جا سکتی ہے جنہیں مخصوص طور پر رسائی حاصل کرنے کی اجازت ہے۔[2]

    اطلاع کاروں پر لازم ہے کہ اس ضابطے کی شقوں یا قابل اطلاق قانون کے علاوہ، اسکول کے عملے کے درمیان ان کی تیار کردہ رپورٹ کے بارے میں گفتگو کرنے سے گریز کریں۔

    اگر اطلاع کار کے پاس یہ شبہ کرنے کی وجہ ہے کہ اس کی معلومات NYCPS کے عملے کے کسی رکن نے کسی ایسے فریق کو جاری کر دی ہے جو قانونی طور پر ایسی معلومات حاصل کرنے کے مجاز نہیں ہے، فوری طور پر ایک اطلاع نامہ تیار کر کے شعبہ برائے قانونی خدمات کو 6888-374-212 پر دینا لازمی ہے۔ اگر اسکول کا عملہ یہ سمجھتا ہے کہ کسی ACS کارکن نے کسی اطلاع کار کی یا اس اطلاع کے موضوع سے اسکول کی وابستگی یا والدین یا خاندان کے دیگر فرد کی شناخت افشا کر دی ہے، ایسے خدشے کی اطلاع ACS دفتر برائے اول تحفظ کو 77233-543-718 پر دینی چاہیے۔
14. اگر NYCPS کے عملے کو خدشہ ہو کہ کوئی طالب علم انسانی بردہ فروشی کا شکار ہو رہا ہے، یا اس کے خطرے میں ہے، اسے انسانی بردہ فروشی اسکول حفاظتی پروٹوکول میں دیے گئے طریقہ کار پر عمل کرنا چاہیے۔

**E.** کسی بچے کے لیے فوری خطرے والے کیسوں کا طریقۂ کار

1. اگر کسی بھی وقت یہ سمجھنے کی وجہ ہو کہ کسی بچے کی صحت یا حفاظت کو ایک فوری خطرے کا سامنا ہے یا کسی بچے کو فوری طبی توجہ درکار ہے 911 پر لازماً کال کرنا چاہیے۔ چانسلر کا ضابطہ A-412 ملاحظہ کریں۔
2. اگر ACS سے اسکول دن کے اختتام تک رابطہ نہیں ہوا ہے جس میں بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرا برتاو کے بارے میں ایک رپورٹ SCR کے لیے تیار کی گئی تھی اور یہ سمجھا گیا ہے کہ اگر یہ بچہ گھر

---

[1] عارضی نگہداشت میں رہنے والے طلباء کے لیے

[2] اگر عدالتی کاروائیاں ہو رہی ہوں، والدین کو اطلاع کار کی شناخت ہو سکتی ہے۔

واپس گیا تو اسکی زندگی، صحت یا حفاظت کو فوری خطرہ لاحق ہے، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ طالب علم خدمات منیجر کو مہتمم کے دفتر میں اطلاع دیں اور فوری پولیس مدد کے لیے SSA/NYPD کو اطلاع دیں۔ اگر ACS اسکول کی طرف آ رہا ہے اور چُٹھی کے بعد پہنچے گا، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ فوراً SSA/NYPD کو ہوشیار کر دے اور عملے کا رکن اس وقت تک بچے کے ساتھ رہے جب تک ACS نہیں پہنچ جاتا۔

**F.** چوٹوں کی تصویریں لینے کے بارے میں پالیسی جب بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا شبہ ہو

1. مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے بارے میں اطلاع ناموں سے متعلق، یہ NYCPS کی پالیسی ہے کہ کسی بھی صدمے کی ظاہری علامات کی تصاویر لی جائیں گی جیسے کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔
   a. تصاویر صرف وہی شخص لے سکتا ہے جس نے نیویارک شہر کی موزوں تربیت حاصل کی ہوئی ہو۔ کم از کم ، ہر اسکول میں، اسکول نرس اور نامزد رابطہ کار (عملے کا رکن جسے پرنسپل نے بچے سے بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے معاملات میں جز VI.A.2 کے تحت مہتمم کے دفتر میں طالب علم خدمات منیجر جیسے پرنسپل نے بچے سے بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے معاملات میں رابطہ کاری کے لیے نامزد کیا ہو) کو یہ تربیت لینا لازمی ہے۔ ہر اسکول کے عملے کے کم سے کم دو اراکین کو لازماً تربیت یافتہ ہونا چاہیے۔ اگر اس عمارت کے لیے اسکول نرس کی تعیناتی نہیں ہوئی ہے، پرنسپل پر لازم ہے کہ تربیت دلوانے کے لیے ایک متبادل عملے کے رکن کی نامزدگی کی نشاندہی کرے؛ مزید عملہ بھی یہ تربیت حاصل کر سکتا ہے۔
2. پرنسپل / نامزد کو نوٹیفیکیشن اور SCR کو اطلاع دینا
   a. جب کوئی اطلاع کار صدمے کی ظاہری علامات دیکھے اور اس کے پاس شبہ کرنے کی معقول وجہ ہو کہ بچے کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاو کیا گیا ہے، اطلاع کار کو چاہیے کہ: a) تصاویر لینے کے مقصد کے لیے، فوراً پرنسپل / نامزد کردہ کو اس بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ اور صدمے کی ظاہری علامات کے بارے میں اطلاع دے؛ اور b) اسکے فوراً بعد جُز II.D کے مطابق اور طریقۂ کار کے تحت ایک زبانی اطلاع SCR کو دے گا اور فوراً (اسکول دن کے ختم ہونے سے قبل) پرنسپل / نامزد کردہ کو جُز II.D.6 کے تحت "کال آئی ڈی" نمبر فراہم کرے گا۔
   b. جب پرنسپل / نامزد کردہ کو کسی بچے کے ساتھ مبینہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے بارے میں اطلاع دی جائے اور صدمے کی ظاہری علامات موجود ہوں، اس پرنسپل / نامزد کردہ کو چاہئیے کہ فوراً نرس یا اطلاع کار یا کسی اور تربیت یافتہ عملے کے رکن کو حسب ذیل طریقۂ کار کے مطابق ان ظاہری زخموں کی تصاویر لینے کا کہے۔
   c. تصویر لینے والے تربیت یافتہ فرد پر لازم ہے کہ پرنسپل / نامزد کردہ سے تصدیق کرنے کا کہے کہ SCR کے لیے ایک اطلاع نامہ تیار کر دیا گیا ہے۔ اگر پرنسپل / نامزد تصدیق کرے کہ ایک اطلاع نامہ تیار ہو گیا ہے، اسے اس فرد کو فوراً ایک "کال آئی ڈی" نمبر فراہم لازماً کرنا چاہیے جس نے تصویر لی ہے۔ اگر پرنسپل / نامزد کردہ تصدیق نہیں کرتا کہ اطلاع نامہ بن گیا ہے، جس فرد نے تصویر لی ہے اسے چاہئیے کہ SCR کو فوراً کال کرے اور جُز II.D میں طے کردہ طریقۂ کار پر عمل کرے۔
   d. پرنسپل / نامزد کردہ فوراً ہی، لیکن تصاویر لینے کے 24 گھنٹے کے اندر،، نامزد رابطہ کار کو اطلاع دے گا کہ تصاویر لی گئی ہیں، اگر نامزد رابطہ کار تصاویر لینے کا ذمہ دار نہیں تھا۔
   e. اطلاع کار پر لازم ہے کہ SCR کو زبانی اطلاع دینے کے بعد جُز II.D.8 میں دیے گئے طریقۂ کار کے تحت 48 گھنٹوں کے اندر LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ جمع کروائے۔ اطلاع کار پر لازم

ہے کہ فارم کے "تصاویر" کے خانے پر لازمی نشان لگائے جہاں کہا جا رہا ہے کہ "اقدامات لے لیے گئے یا لیے جانے والے ہیں"۔

3. تصاویر لینا
   a. تصاویر کو ایک ایسی نجی ترتیب میں تربیت یافتہ عملے کے رکن کے ذریعے لیا جانا چاہیے جس میں اس بچے کے تحفظات اور رازداری کا بہترین انتظام موجود ہو۔ جہاں ممکن اور مناسب ہو سکے، تصویریں لینے کے لیے طالب علم کو نرس کے دفتر یا اسکول کے طبی کمرے میں لے جانا چاہیے۔
   b. شہر کی ملکیت والے آلے (ڈیوائس) کے ذریعے تصاویر کا لیا جانا لازمی ہے جو اسکول یا اسکول کے منتظم کو جاری کیا گیا ہو اور کسی ذاتی ڈیوائس سے تصویر نہیں لی جا سکتی۔
   c. کسی بچے کے اعضائے تناسل، مقعد (perineal) یا چھاتی کے حصے کی کوئی تصویریں نہیں لی جا سکتیں اور نہ ہی جانچ کی جا سکتی ہے۔
4. بچے کی چوٹ / چوٹوں کی تصاویر کا ACS کو ارسال کرنا
   a. تصاویر لینے کے بعد، جس ڈیوائس میں تصاویر ہیں اسے فوراً ہی نامزد رابطہ کار کے حوالے کر دینا چاہئیے۔
   b. نامزد رابطہ کار کو ذیلی معلومات لازماً حاصل کرنی چاہئیے: SCR "کال آئی ڈی" نمبر؛ طالب علم کا نام؛ طالب علم کا OSIS نمبر؛ اور وہ تاریخ جب LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ جمع کروایا گیا تھا۔
   c. جس وقت LDSS-2221A تحریری اطلاع نامہ جمع کروائی جائے، یا جتنی جلد ممکن ہو سکے، نامزد رابطہ کار پر لازم ہے کہ NYCPS کے بنائے گئے طریقہ کار کے مطابق ذیل میں دیے گئے برو سے مخصوص نامزد ACS ای میل باکس پر شہر کی جانب سے جاری کردہ آلے کے ذریعے لی گئی تصویر کے ساتھ اِنکرپٹِڈ (خُفیہ تحریر) ای میل بھیجے۔ اس ای میل میں لازماً شامل ہونا چاہئے: SCR "کال آئی ڈی" نمبر؛ طالب علم کا نام؛ طالب علم کا OSIS نمبر؛ منسلکہ تصاویر کی تعداد؛ بھیجنے والے کا نام؛ اسکول کا نام اور DBN ۔

**برونکس:** DOEPhotosBronx@acs.nyc.gov

**بروکلن:** DOEPhotosBrooklyn@acs.nyc.gov

**مین ہیٹن:** DOEPhotosManhattan@acs.nyc.gov

کوئنز: DOEPhotosQueens@acs.nyc.gov

**اسٹیٹن آئلینڈ:** DOEPhotosStatenIsland@acs.nyc.gov

5. تصاویر کو سنبھال کر رکھنا اور محفوظ کیا جانا
   a. نامزد رابطہ کار کو چاہئیے کہ ان تصاویر کی ایک نقل پرنٹ کرے۔ تصویر کو LDSS-2221A تحریری اطلاع نامے کے ساتھ ایک ایسی جگہ محفوظ رکھا جائے جہاں صرف پرنسپل / نامزد کردہ کو رسائی حاصل ہو، جیسے کے جُز II.D.9 میں طے کیا گیا ہے۔ یہ اطلاع نامہ اور تصویر خُفیہ دستاویزات ہیں اور اس اطلاع نامہ کے موضوع فرد، والدین، یا خاندان کے سامنے افشا نہیں کیے جا سکتے اور صرف سماجی خدمات قوانین کے تحت ایسی معلومات موصول کرنے کے مجاز افراد کو ہی افشا کیے جا سکتے ہیں جیسے کہ جُز II.D.13 میں دیا گیا ہے۔

b. ACS کو تصویر ارسال کرنے اور اس تصویر کی ایک نقل بنا لینے کے بعد، اس نامزد رابطہ کار پر لازم ہے کہ ACS کی جانب سے ای میل کی ایک تصدیقی رسید کو محفوظ کر لے۔ شہر کے جاری کردہ آلے سے اس تصویر کو مٹا (ڈیلیٹ) دے، اور اس ای میل اور منسلکہ تصویر کو جو ACS کو ارسال کی گئی تھی مٹا دے۔

6. اگر SCR بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے اطلاع نامے کو مسترد کر دے تو تصویر لیے جانے کے طریقۂ کار حسب ذیل ہیں

a. اسکول کا عملہ مشتبہ بچوں کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی تصاویر لینے سے قبل اس کی اطلاع دینے کے لیے بھرپور کوششیں کرے۔ ایسی صورت میں جب تصاویر لے لی گئی ہوں اور SCR بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے اطلاع نامے کو مسترد کر دے تو پرنسپل / نامزد کردہ کو لازماً نامزد رابطہ کار کو مطلع کرنا چاہیے کہ اطلاع نامہ مسترد کر دیا گیا ہے۔

b. نامزد رابطہ کار فوراً شہر کی ملکیت والے آلے سے ان تصاویر کو مٹا دے گا۔ ایسی تصاویر کی نقلیں نہیں بنائی جائیں گی اور نہ ہی انہیں محفوظ رکھا جائے گا۔

**G.** طریقئہ ہائے کار اگر **SCR** اطلاع نامہ کو مسترد کر دے اور / یا اطلاع نامے کو پولیس کے حوالے کر دے

1. اگر کوئی SCR اہلکار اطلاع نامے کو قبول کرنے سے انکار کر دے، تو اطلاع کار درخواست کر سکتا ہے کہ SCR نگران اس اطلاع نامے کا جائزہ لے۔ اگر اطلاع نامہ منظور نہیں کیا گیا، اطلاع کار پر لازم ہے کہ اس SCR اہلکار اور / یا نگران کا نام حاصل کرے جو ٹیلیفون کال پر موجود تھا اور پرنسپل / نامزد کردہ کو اس حقیقت کے بارے میں آگاہ کرے کہ ایک اطلاع نامہ بنایا گیا تھا اور اسے منظور نہیں کیا گیا۔ اس معلومات کو ایک OORS اطلاع نامے میں قلم بند کیا جانا چاہیے۔

2. چند مخصوص حالات میں، SCR ایک نیا قانونی نفاذ کا حوالہ (LER) بنائے گا اور بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے اطلاع نامے پر تفتیش کرنے کے لیے NYPD کا حوالہ دے گا۔ اسکول کے عملے پر لازم ہے کہ پولیس اور ضلعی اٹارنی دفتر کے ساتھ تفتیش کرنے میں تعاون کریں۔ اگر SCR ایک قانونی نفاذ حوالہ (LER) بناتا ہے، اس کے بعد اسکول کو قانون نافذ کرنے والوں کو اضافی اطلاع نامہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

3. اگر NYPD طالب علم سے بچے پر مبینہ زیادتی یا بُرے برتاؤ کے الزام کے بارے میں والدین کے خلاف سوالات کرنا چاہے، پرنسپل کو سوالات کرنے کی اجازت دینا لازمی ہے اور طالب علم کے والدین سے رابطہ نہیں کرنا چاہیے۔ اگر پولیس یا دیگر تفتیشی ادارہ ایسے شخص کے خلاف بچے کے ساتھ بدسلوکی کے بارے میں طالب علم سے سوالات کرنا چاہے جو اسی گھرانے میں مسلسل یا عام طور پر پایا گیا ہو، پرنسپل کو چاہیے کہ NYPD کے ساتھ مشاورت کرے کہ کیا والدین سے رابطہ کیے بغیر سوالات کرنے کی اجازت دی جائے یا نہیں۔ ہر دو صورتوں میں، پرنسپل یا اور کوئی فرد جس کی موجودگی میں بچہ آرام دہ محسوس کرتا ہو، اسے انٹرویو کے دوران موجود ہونا چاہیے، ماسوائے بچہ بصورت دیگر کسی اور کی درخواست کرے۔

4. پولیس یا ضلعی اٹارنی کو بچے کے طالب علم کے ریکارڈز خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون (FERPA) میں دیے گئے صحت اور حفاظتی ہنگامی صورت استثنا کے تحت جاری کیے جا سکتے ہیں۔ اگر پولیس یا ضلعی اٹارنی اسکول کو مطلع کرتے ہیں وہ بچے کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاو کے الزام کے سلسلے میں تفتیش کر رہے ہیں، اسکول کے افسران پولیس یا ضلعی اٹارنی کو کسی ریکارڈز کو جاری کرنے سے قبل، اپنے سینئر فیلڈ کونسل سے مشورے کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں، لیکن ریکارڈز جاری کرنے میں غیر ضروری تاخیر نہیں کی جانی چاہیے۔

5. **Error! Hyperlink reference not valid.** (اسکولوں میں حفاظت) میں دیے گئے طریقہ کار پر عمل درآمد کرنا لازمی ہے: (a) اگر NYPD چاہے کہ ایک طالب علم سے بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے بجائے بچے کے ساتھ کسی اور جرم کے الزام میں طالب علم سے سوال کرنا چاہے، اور (b) اگر جہاں NYPD چاہے کہ ایک طالب علم سے بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے بجائے کسی اور جرم کے الزام کے سلسلے میں بچے کے ریکارڈز تک رسائی حاصل کرنا چاہے۔

## III. بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی اطلاعات پر ACS کی کاروائیوں میں تعاون کرنے کے لیے طریقہِ کار

### A. ACS کی ابتدائی تفتیش

1. ACS طفلی تحفظاتی تفتیش اس وقت کرتا ہے جب SCR کسی مقامی ACS دفتر کو ایک اطلاع نامہ ارسال کرتا ہے جو ایک تفتیشی جواب کا تقاضہ کرتا ہے۔ ACS اطفالی تحفظ ماہر (CPS کارکن) جسے یہ کیس دیا گیا ہو اس اطلاع کار اور اسکول میں کسی ایسے فرد کا انٹرویو لے گا جس کے پاس اس اطلاع کی بنیاد کے بارے میں براہ راست علم ہو۔
2. اسکول کے تمام عملے کی قانونی ذمہ داری ہے کہ وہ بچوں کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے بارے میں تفتیشات میں تعاون کریں اور CPS کے نامزد کردہ کارکن کے ساتھ تعاون کریں، خواہ ان الزامات کی اطلاع اسکول کے عملے نے دی ہو یا نہیں۔
3. جب کوئی CPS کارکن اسکول کی عمارت کے اندر بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی ایک تفتیش کرنا چاہے اسکول افسران مندرجہ ذیل طریقئہ کار پر لازماً عمل درآمد کریں:
   a. پرنسپل / نامزد کردہ کو لازمی اطلاع دیں۔
   b. جب کبھی کوئی CPS کارکن کسی اطلاع نامے کی تفتیش کر رہا ہو، پہلے اسکی تصویری آئی ڈی کارڈ طلب کر کے اسناد کی تصدیق کرنا لازمی ہے۔ اسکول اہلکاران کو CPS کارکن کے تصویری آئی ڈی کی فوٹو کاپی نہیں بنانا چاہیے۔ جب کبھی کوئی CPS کارکن اسکول کے اہلکاروں کے ساتھ فون پر رابطہ کر رہا ہو، اسکول کے اہلکاروں پر لازم ہے کہ کال کرنے والے کی تصدیق کے لیے اس سے اسکے ACS ای میل پتے سے ای میل بھیجنے یا ACS لیٹر ہیڈ پر فیکس کرنے کا کہیں۔
   c. جب ایک مرتبہ اسناد کی تصدیق ہو جائے، اس CPS کارکن کو خاندانی تعلیمی حقوق اور رازداری قانون میں دیے گئے صحت اور حفاظتی ہنگامی صورت استثنا کے تحت اس طالب علم کے تمام تعلیمی ریکارڈز تک رسائی فراہم کی جا سکتی ہے جس کا نام اس میں رپورٹ میں درج ہے اور اسکے بھائی بہن (کے ریکارڈز) اگر وہ اسی اسکول میں جاتے ہوں، بشمول IEPs اور تشخیصات کے جیسے بھی اطلاق ہو۔ ریکارڈز یا انکی نقول تک رسائی فراہم کرنے سے قبل اسکولوں کو چاہیے کہ اپنے سینئیر فیلڈ مشیر سے مشورہ کرنے کے لیے کال کریں، مگر ایسے ریکارڈز کو جاری کرنے میں غیر ضروری تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ اسکول CPS کارکن کو درخواست کردہ ریکارڈز بذریعہ الیکٹرانک فراہم کرے گا (یعنی، ای میل یا فیکس) یا ایسے ریکارڈز کی کاغذی نقول فراہم کرے گا۔
   d. ایک مرتبہ جب اسناد کی تصدیق ہو جائے، CPS کارکن کو ایک تفتیش انجام دینے کی اجازت دینا لازمی ہے تاکہ بچے کے تحفظاتی تفتیش اور تشخیص کے بارے میں معلومات جمع کرنے کے لیے انٹرویوز کر سکے۔ اگر CPS کارکن یا بچہ درخواست کرے، اسکول کے عملے کا کوئی رکن جسے بچہ جانتا ہوں کسی انٹرویو کے دوران بچے کے ساتھ مشاہدہ کرنے کے لیے موجود ہو سکتا ہے۔ ایسے کسی انٹرویو میں موجود اسکول کا عملہ رازداری برقرار رکھنے کا پابند ہے اور عدالت میں

گواہی دینے کے لیے طلب کیا جا سکتا ہے۔

e. اگر کوئی CPS کارکن کسی طالب علم سے بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے الزام کے بارے میں طالب علم کے والدین کے خلاف سوال کرنا چاہے تو اسکول کو طالب علم کے والدین سے قطعاً رابطہ نہیں کرنا چاہیے۔ اگر بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا مبینہ زیادتی کا الزام کسی PLR کے خلاف ہو جو والدین نہیں ہے، تو پرنسپل ACS سے مشاورت کے بعد فیصلہ کرے گا کہ آیا طالب علم کے والدین سے رابطہ کیا جائے یا نہیں۔

f. ان کی تفتیش کرنے کے دوران، CPS کارکن کسی بچے کے اوپر کے کپڑوں کو ہٹانے کا کہہ سکتے ہیں، اگر ان کی پیشہ ورانہ رائے میں زیادتی یا بُرے برتاؤ کی نوعیت اور حد کا تعین کے لیے کپڑے ہٹانے ضروری ہیں۔ کسی بھی صورت میں کوئی بھی CPS کارکن بچے کے اوپر کے کپڑوں کو نہیں اتار سکتا ماسوائے کہ وہاں کوئی دوسرا CPS کارکن یا کوئی اسکول کا اہلکار یا اسکول نرس موجود ہو۔ اگر جانچنے کے لئے کسی بچے کے اندرونی کپڑوں کو اتارنے کی ضرورت ہو، تو ضروری ہے کہ بچے کو اس قسم کی جانچ کے لئے ہسپتال یا ایسی جانچ کے لیے جُز III.B میں دیے گئے طریقہ کار کے مطابق ایسی تفتیش کے لیے بچوں کے حمایتی مرکز لے جایا جائے۔

g. اپنی تفتیشات میں، CPS کارکن کو اسکول کی ملکیت پر، ان بچوں اور انکے بھائی بہن کا انٹرویو لینے اور معائنہ کرنے کی لازماً اجازت ہونی چاہیئے جو اس مشتبہ بد سلوکی یا بُرے برتاؤ کا شکار ہوئے ہیں، چاہے بھائی بہن اسی اسکول میں جاتے ہوں یا نہیں جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔

**B.** طلباء کا بچوں کے حمایتی مراکز / بچوں کے تحفظاتی مراکز میں کثیر شعبہ ٹیم کی تفتیشات یا دیگر بچوں کی تحفظاتی خدمات منتقلی کے لیے تبادلہ کرنا

انفرادی صورت حال پر منحصر، بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے بارے میں ایک مبینہ الزام کی تفتیش کے نتیجے میں کسی طالب علم کو مناسب اقدام پر عمل درآمد اور / مزید تشخیص کرنے کے لیے اسکول سے ہٹایا جا سکتا ہے۔ یہ اس وقت ہو سکتا ہے جب: (a) کسی طالب علم کو ACS یا NYPD اسکول سے نکال کر تحفظاتی نگرانی میں دے دیتا ہے؛ یا (b) طالب علم کو بچوں کے لیے خوشگوار ماحول میں کثیر شعبہ جاتی ٹیم (MDT) تفتیش کے لیے بچوں کے حمایتی مرکز (CAC) یا بچوں کے تحفظاتی مرکز (CPC) میں بھیج دیا جاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں درج ذیل میں طریقہ کار دیے گئے ہیں جن پر اسکولوں کو عمل کرنا لازمی ہے:

1. طلباء کو حفاظتی نگرانی میں لے لیا گیا

مخصوص حالات میں، ACS یا NYPD بچے کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے طالب علم کو اسکول سے نکال سکتے ہیں اور اسے تحفظاتی نگرانی میں رکھ سکتے ہیں۔

2. CACs/CPCs میں طلباء کا منتقل کیا جانا

جسمانی ایذا، جنسی بُرا سلوک اور / یا سنگین بُرے برتاؤ کے کیسس کے الزامات کے سلسلے میں، کسی طالب علم کو MDT کے ایک رکن کے ذریعے CAC/CPC کے پاس MDT تفتیش کے لیے لے جایا جا سکتا ہے۔ MDT، ACS، اور NYPD اور ضلعی اٹارنی دفتر، سماجی کارکنان، بچے کے ساتھ بدسلوکی کے ماہر بچوں کے ڈاکٹرز پر مشتمل ہوتی ہے, جو ملکر کام کرتے ہیں تاکہ ذیلی مقاصد حاصل کیے جا سکیں:

a. بر وقت، مؤثر، اور مربوط انداز میں ثبوت اکٹھا کرنے کو یقینی بنایا جائے؛

b. جب بھی ممکن ہو سکے، تفتیشی کاروائی کے دوران بچے کی پریشانی کو کم سے کم کرنے کے لیے ایک جیسے انٹرویوز کی ضرورت کو کم کر کے اور بچوں کے لیے دوستانہ ماحول میں متاثرہ بچوں کا ملکر انٹرویو کیا جانا؛

c. جب بھی ممکن ہو بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے شکار بچوں کو مستند طبی پیشہ وران کے ذریعے بروقت طبی معائنے اور علاج تک رسائی فراہم کرنا؛ اور

d. متاثرہ بچے اور قانون نہ توڑنے والے نگہداشت فراہم کنندگان کے لیے، بحران مداخلت، مظلوم کی حمایت اور دماغی صحت کی خدمات فراہم کرنا۔

3. جب CPS کارکنان بچوں کو تحفظاتی نگرانی یا جب MDT کے ایک یا زائد ارکان کسی بچے کو CAC/CPC میں لے جانا چاہتے ہیں تو پرنسپل یا نامزدگان کو ذیل طریقہ کار کی پابندی کرنا لازمی ہے:

a. اسکول پر لازم ہے کہ CPC کارکنان کے عدالتی حکم نامہ یا DCP-048 فارم(انتظامیہ برائے اطفالی خدمات (ACS) کی جانب سے ایک تحریری بیانیہ جس میں نشاندہی کی گئی ہو کہ ہنگامی حالات موجود ہیں جس کی وجہ سے اس بچے کو فوری خطرہ لاحق ہے) پیش کرنے پر طالب علم کو تحفظاتی نگرانی میں لے جانے کی اجازت دی جائے۔ DCP-048 فارم پر کیس ورکر یا نگران کے دستخط ہونا لازمی ہے۔ اگر CPS کارکن عدالتی حکم نامہ یا فارم DCP-048 پیش کرنے سے قاصر ہے، تو پرنسپل/ نامزد کردہ کو CPS کارکن کے نگران سے تصدیق کرنی چاہیئے کہ ACS نے فیصلہ کیا ہے کہ بچے کو تحفظاتی نگرانی میں رکھنا ضروری ہے۔ پرنسپل/ نامزد نمائندہ کو اس کاروائی میں معاونت کے لیے سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کرنا چاہیے۔

b. اسکول پر لازم ہے کہ MDT کے رکن کو طالب علم CAC/CPC MDT ریلیز فارم کے پیش کرنے پر CAC/CPC کے پاس لے جانے کی اجازت دے۔ ریلیز فارم پر موزوں MDT رکن کا دستخط کیا جانا لازمی ہے۔ ریلیز فارم NYCPS کی بچے کے ساتھ بدسلوکی کی اطلاع کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ اسکول پر لازم ہے کہ اس CPS کارکن یا MDT کے رکن کے اسناد کی تصدیق کرنے کے لیے ان سے اپنی تصویری آئی ڈی کارڈ دکھانے کا کہے۔ البتہ، اسکول کے کسی بھی اہلکار کو CPS کارکن / MDT رکن کی تصویری شناخت کی فوٹو کاپی بنانے کی اجازت نہیں ہے۔

c. جب کبھی کسی طالب علم کو ہٹا کر تحفظاتی نگرانی میں دیا جاتا ہے یا کسی CAC/CPC کے پاس لے جایا جاتا ہے تو اسکول پر لازم ہے کہ فوراً مہتمم کے دفتر میں طالب علم خدمات منیجر کو مطلع کرے۔ طالب علم خدمات منیجر پر لازم ہے کہ ان تمام ہٹائے جانے کی کاروائیوں کا ریکارڈ بنائے۔

d. اسکول پر لازم ہے کہ عدالتی حکم نامہ، DCP-048 فارم یا CAC/CPC MDT ریلیز فارم کی نقول کو اسکول میں ایک محفوظ جگہ پر رکھے۔

e. جب کوئی CAC/CPC انٹرویو کے لیے بچے کو لے جا رہا ہو، اسکول کے عملے کا کوئی رکن اور MDT رکن ساتھ نشاندہی کردہ مقام تک جا سکتا ہے اگر ایسا لگے کہ یہ بچہ MDT کے رکن کے ساتھ جانے میں آرام دہ نہیں ہے یا بچہ یا MDT رکن درخواست کرے۔ البتہ، باضابطہ انٹرویو کے کمرے میں تفتیش کے دوران اسکول کے کسی اہلکار کو موجود رہنے کی اجازت نہیں ہے، نہ ہی ان کو انٹرویو کا مشاہدہ کرنا چاہیے۔

f. ایسے حالات میں جہاں ایک MDT رکن کسی طالب علم کو CAC/CPC لے جاتا ہے، یہ MDT رکن والدین کو مطلع کریگا، اور والدین کو رابطہ معلومات فراہم کریگا۔
والدین کے اسکول سے رابطہ کرنے کی صورت میں، اسکول والدین کو مشورہ دے گا کہ طالب

علم کو CAC/CPC لے جایا جا چکا ہے اور والدین کو رابطہ معلومات فراہم کرے گا۔

g. NYCPS عملہ مزید تشخیص کروانے کے لیے طالب علم کو لانے لے جانے کے ذمہ دار نہیں ہے۔ MDT کارکنان بچے CAC/CPC تک لے کر جائے، اور بچے کو اسکول، گھر یا کسی اور مناسب مقام پر واپس لانے کے ذمہ دار ہوں گے۔

h. اسکولوں پر لازم ہے کہ طلباء کے تمام ہٹائے جانے اور تحفظاتی نگرانی میں رکھنے اور / یا OORS میں MDT تفتیشات کے لیے، CACs/CPCs کے پاس لانے لیجانے کا ریکارڈ رکھے۔

C. **تفریقی ردعمل کیسس (اشتراکی تشخیص، رد عمل، شمولیت اور معاونت (CARES)**

کسی اطلاع کے جواب میں ایک ابتدائی جائزہ لینے کے بعد، ACS خاندان کی اجازت کے ساتھ، اس کیس کو تفتیش کے بجائے تفریقی ردعمل کے طریقے (ٹریک) کے حوالے کر سکتا ہے۔ اشتراکی تشخیص، ردعمل، شمولیت و معاونت (CARES) بچے کی تحفظاتی ردعمل کا ایک متبادل ہے تاکہ ریاست کی منظور شدہ اور زیر نگرانی قانون کے تحت SCR کے لیے اطلاعات تیار کی جائیں۔ اطلاعات کے جواب میں جن میں بچے کو کوئی فوری یا قریبی خطرے نہ ہو اور بچے سے شدید بدسلوکی کے کوئی الزامات نہ ہوں، CARES خاندانوں کے ساتھ شراکت میں بچے کے تحفظ اور خاندان کی ضروریات کا جائزہ لیتا ہے، خاندانوں کو ان کی مشکلات کے حل کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور ان کے بچوں کی حفاظت اور نگہداشت کے لیے معاونتی وسائل کی نشاندہی کرتا ہے۔ CARES طریقے کے لیے کسی تفتیش کی یا فیصلہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے کہ کسی والدین یا دیگر PLR نے ایک بچے کے ساتھ بدسلوکی کی ہے یا بے توجہی برتی ہے۔

1. CARES کے طریقے کے حوالے کیے جانے کی اطلاعات کے لیے، ACS جائزہ لے گا کہ کیا بچہ سات دنوں کے اندر اپنے گھر میں محفوظ ہے۔ اگر اس جائزے کے دوران یا CARES طریقے کے دوران کسی بھی وقت بچے کے محفوظ رہنے کے بارے میں کوئی خدشہ ہے، اس کیس کو بچے کی تحفظاتی تفتیش کے طریقے میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔
2. اگر کوئی کیس CARES طریقے پر ہو، تو اسکول کا عملہ صرف تعلیمی ریکارڈز کا ACS کے ساتھ اشتراک کر سکتا ہے اور/ یا والدین کی رضامندی کے ساتھ ACS کو بچے تک رسائی فراہم کر سکتا ہے۔

## IV. اطفالی فلاح و بہبود شمولیت سے متعلق خدشات کے اظہار کرنے کے لیے پالیسیاں اور طریقہ کار (مرحلہ وار پروٹوکول)

A. **مرحلہ وار پروٹوکول**

مرحلہ وار پروٹوکول ایک مربوط کوشش ہے تاکہ اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کی حفاظت پر نظر رکھی جا سکے۔ یہ طریقہ خراب غیر حاضری سے نمٹنے کے لیے نہیں ہے۔ ان طلباء کو شامل کرنے کے لیے جو عادی غیر حاضر ہوتے ہیں یا جن کا عادی غیرحاضر بننے کا خطرہ ہے، https://schools.nyc.gov/school-life/school-environment/attendance ملاحظہ کریں۔

اس ضابطے کے مقاصد کے لیے، NYCPS کے طلباء (i) رضاعی نگہداشت میں، (ii) عدالتی حکم نامے کے تحت زیرِ نگرانی، اور (iii) جن کا نام کسی ایسی SCR رپورٹ میں ہے جو آج کل ACS کے ذریعے زیر تفتیش ہے یا موجودہ یا پچھلے تعلیمی سال میں ACS کی تفتیش کے بعد ثابت ہو گیا ہو، کو بطور "اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء" کے حوالہ دیا گیا ہے۔ اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء ان ذیلی تین سطح کے تحت آتے ہیں جیسے کہ جز IV.B میں واضح کیا گیا ہے۔ اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل

طلباء کی غیر حاضری کے ناکافی دلائل سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایسے طالب علم کو خطرہ لاحق ہے یا خاندان کو ان کی مشکلات میں مدد کی ضرورت ہے جن کی وجہ سے بچے کو اسکول لانے میں دشواری ہو رہی ہے۔

1. اسکولوں پر لازم ہے کہ اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کی حاضری پر گہری نظر رکھیں۔ چانسلر کے ضابطہ A-210 کے مطابق حاضری سے متعلق مطلوبات کے نفاذ کے علاوہ، اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلباء کی حاضری کا جائزہ لینے کے دوران، اسکولوں پر والدین تک رسائی حاصل کرنے کے ما بعد اقدامات لینا لازمی ہے، ACS اور OORS کو خدشات سے آگاہ کریں جیسے کہ یہ ضابطہ تقاضہ کرتا ہے۔
2. ایک "مناسب طریقے سے غیر حاضری کی وضاحت"، جیسے کے اس ضابطے میں یہ اصطلاح استعمال کی گئی ہے، ایک ایسی وضاحت ہے جسے پرنسپل نے عملے کے رکن کی مشاورت کے ساتھ فیصلہ کیا ہے جو رابطے کر رہا ہے کہ وضاحت مناسب ہے، اس میں شامل ہے کہ: (a) غیرحاضری کے لیے فراہم کردہ وجوہات پر پرنسپل / نامزد کردہ کا سوالات کرنے کا جواز نہیں بنتا؛ اور (b) بچے کی حفاظت کے خدشات ظاہر نہیں ہوتے۔ ضروری نہیں ہے کہ غیر حاضری کی معقول وضاحت اس اسکول کی معافی شدہ غیر حاضری کی پالیسی سے مطابقت رکھتی ہو۔

B. **اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کا شناخت کیا جانا**

اسکولوں پر لازم ہے کہ جن طلباء پر مرحلہ وار ردِعمل (Tiered Response) کا اطلاق ہوتا ہے انکی شناخت کرنے کے لیے ذیلی اقدامات اٹھائے۔

1. ACS اور NYCPS کے درمیان اعداد و شمار کی مماثلت کو استعمال کرتے ہوئے، NYCPS ہر مہینے اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کی ایک فہرست جاری کرے گا جو OASIS ڈیٹا نظام میں نظر آئے گا اور اسے ایک محفوظ جگہ پر رکھے گا۔ مہتمم کے دفتر میں طالب علم خدمات منیجر کی ذمہ داری ہے کہ یقینی بنائیں کہ اسکول اپنے اسکولوں میں اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کی فہرست حاصل کریں اور اس کا جائزہ لیں۔ اسکولوں پر لازم ہے کہ جب ان کے پاس مزید معلومات آئیں ان فہرستوں کی تجدید کریں۔
   a. جب طلباء رضاعی نگہداشت میں داخل ہوں یا فارغ کر دیے جائیں، ادارہ اسکول کو ایک اطلاعی خط بھیجے گا۔ اس معلومات کو فوراً OASIS میں درج کیا جانا چاہیے اور یہ رضاعی نگہداشت میں طلباء کی ایک تجدید کردہ فہرست بھی بن جائے گی۔
2. اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء اس ضابطے کے مقاصد کے درجہ I ، II، یا III کے تحت آتے ہیں جیسے کہ ذیل میں واضح کیا گیا ہے۔
   a. درجہ I

      درجہ I میں وہ طلباء شامل ہیں جن کے لیے تمام ذیلی شرائط موجود ہیں:

      i. بچہ الیمینٹری یا مڈل اسکول میں ہے (پری کنڈرگارٹن سے لے کر گریڈ 8 تک)؛ اور
      ii. بچے کا نام ایک SCR اطلاع میں ہے جو کہ آج کل ACS کے زیر تفتیش ہے، یا اس بچے کا خاندان عدالتی حکم نامے کی زیر نگرانی ہے۔
   b. درجہ II

      درجہ II میں وہ طلباء شامل ہیں جن کے لیے تمام ذیلی شرائط موجود ہیں:

      بچہ الیمینٹری یا مڈل اسکول میں ہے (پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 تک)؛ اور

ii. بچے کا نام ایک SCR اطلاع میں تھا جس کی موجودہ یا پچھلے تعلیمی سال کے دوران ACS کی تفتیش کے بعد توثیق کی گئی تھی۔

c. درجہ III

درجہ III میں وہ طلباء شامل ہیں جن کے لیے تمام ذیلی شرائط موجود ہیں:

i. بچہ الیمینٹری یا مڈل اسکول میں ہے (پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 تک)؛ اور
ii. بچہ آج کل رضاعی نگہداشت میں ہے (بشمول عارضی اخراج)۔

C. **جائزہ اور تشخیص**

اسکولوں کو چاہیے کہ اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کی حاضری پر نظر رکھنے کے لیے ذیلی اقدامات اُٹھائیں تاکہ یقینی بنایا جائے کہ ان سے خاندانوں اور طلباء کی ضروریات پوری ہو رہی ہیں:

1. پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کے لیے روزانہ انفرادی طور پر ایک اسکول کے عملے کے فرد کو حاضری کی نگرانی کرنے پر مقرر کرے، جو روزانہ غیر حاضری پر انفرادی کال کرے اور اسے اس طالب علم کے حاضری اور تعلیمی پس منظر کے بارے میں آگہی ہو۔ اس فرد پر یہ بھی لازم ہے کہ کلاس روم استاد سے اور اسکول کے دفتر صحت سے باقاعدہ معلومات کرتا رہے اور ان طلباء کی اسکول میں پیشرفت یا کوئی پیش والے مسائل کی ILOG میں یا ایک نئے نظام (مجموعی "ILOG") میں تجدید کرتا رہے۔
2. پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ یقینی بنائیں کہ اسکول کا عملہ جو ان طلباء کی حاضری کی نگرانی اور غیرحاضری کے بارے میں خاندانوں سے رابطے کا ذمہ دار ہے اسے (a) اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلباء کی اسکول فہرست تک رسائی حاصل ہے، (b) آٹومیٹ دی اسکولز (ATS)، OASIS، یا کسی بھی نئے آنے والے طلباء کے معلوماتی نظام سے آگاہ رہیں اور نظر رکھیں اور متعلقہ اشارے استعمال کریں تاکہ پری کنڈرگارٹن سے لیکر گریڈ 8 کے اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کی نشاندہی کر سکیں اور (c) اس ضابطے کے طریقہ کار کے بارے میں جانتے ہوں۔
3. پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ یقینی بنائیں کہ اسکول کا یہ نامزد، حاضری رابطہ کار، اور / یا اسکول کا عملہ جو ان طلباء کی حاضری کی نگرانی کے ذمہ دار ہیں انکے پاس ان معلومات تک رسائی ہو جن سے روزانہ کی حاضری کی حیثیت کی عکاسی ہوتی ہے۔
4. اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل طلباء کے ہر غیر حاضر دن پر، اسکول کا نامزد عملہ اسی روز لازماً رابطہ کرے گا اور اس رابطے کے نتائج کے بارے میں پرنسپل / نامزد کو آگاہ کرے گا بشمول جب والدین سے رابطہ نہیں ہو سکے۔ اگر والدین سے رابطہ ہو گیا اور والدین کی جانب سے ایک وجہ فراہم کر دی گئی، پرنسپل / نامزد اس مقرر کردہ اسکول کے عملے کے فرد کے ساتھ مشاورت میں تعین کریگا کہ کیا والدین کی فراہم کردہ وجہ کافی ہے جیسے کہ مندرجہ بالا IV.A.2 میں واضح کیا گیا ہے۔
5. مقرر کردہ اسکول کے عملے کے فرد پر لازم ہے کہ ذیل کو غیر حاضری کے ہر دن کے لیے ILOG میں ریکارڈ کرے: (a) اگر والدین سے رابطہ ہو گیا، والدین کی غیر حاضری کے بارے میں فراہم کردہ وجہ اور پرنسپل کا اس وضاحت کے کافی ہونے کے بارے میں فیصلہ درج کریگا؛ یا b) اگر والدین سے رابطہ نہیں ہو سکا، رابطہ کرنے کی کوشش اور رابطہ کرنے کے قابل نہ ہونے بارے میں معلومات درج کریگا۔ غیر حاضریوں کو ACS کے پاس ان حالات کے تحت لازماً پہنچایا جائے جیسا کہ ذیل میں جُز IV.D میں بیان کیا گیا ہے۔

6. ہفتہ وار بنیاد پر، پرنسپل / نامزد کردہ پر لازم ہے کہ اطفالی بہبود کے زیرِ نگرانی طلباء کے بارے میں غیر حاضریوں اور تاخیری کی کل تعداد YTD (سال سے آج دن تک) کی شرح پر نظر رکھیں، چاہے باقاعدہ اسکول ٹیم کے اجلاس میں، پرنسپل کی کابینہ کے اجلاس میں یا دیگر اشکال میں جیسے اس اسکول نے ہفتہ وار YTD حاضری کی اطلاع دینے کا طریقہ ترتیب دیا ہے۔

D. **ACS یا ACS ادارے کے شراکت دار کو خدشات کے بارے میں لازمی آگاہ کرنا۔**

1. درجہ I کے کسی طالب علم کے غیر حاضری کے پہلے دن، اگر رابطہ کیا جا رہا ہے، حاضری رابطہ کار / پرنسپل کا نامزد بتائے گا کہ: (a) والدین سے رابطہ نہیں ہو سکا؛ (b) والدین سے رابطہ ہوا لیکن والدین نے غیر حاضری کی ناکافی وضاحت فراہم کی جس کی وجہ سے طالب علم کی حفاظت کے فوری خدشات ابھرتے ہیں جیسا کہ پرنسپل نے رابطہ کرنے والے عملے کے رکن کے ساتھ مشاورت کرکے فیصلہ کیا ہے؛ یا (c) والدین سے رابطہ ہوا اور والدین اس غیر حاضری کی کوئی وجہ فراہم نہ کر سکا (مثلاً والدین نے فون رکھ دیا یا اسکول کے سوالات کا جواب دینے سے انکار کر دیا) حاضری رابطہ کار / پرنسپل کا نامزد کردہ پر لازم ہے کہ:
   a. فوراً تفویض کردہ ACS ٹیم یا ACS ادارے کے شراکت دار سے رابطہ کرکے اس طالب علم کی غیرحاضری اور رابطہ کرنے کی کوشش کے نتائج کے بارے میں اطلاع کرے؛ اور
   b. ILOG میں ACS کے لیے اسکول رابطہ معلومات ریکارڈ کرے۔

2- درجہ II اور درجہ III کے طلباء کے لیے، مسلسل تیسرے دن کی غیر حاضری پر اگر والدین سے رابطہ نہیں ہو سکا اور / یا کوئی وجہ نہیں بتائی گئی یا غیر حاضری کی کوئی معقول وضاحت فراہم نہیں کی گئی، جیسا کہ پرنسپل نے رابطہ کرنے والے عملے کے رکن کے ساتھ مشاورت کرکے فیصلہ کیا ہے، اس مقرر کردہ اسکول کے عملے کے فرد پر لازم ہے کہ:
   a. فوراً ACS دفتر برائے تعلیمی یونٹ سے 212-9918453 پر یا Education.unit@acs.nyc.gov پر رابطہ کرے یا موزوں عارضی نگہداشت فراہم کنندہ ادارے سے رابطہ کرے، جیسے بھی اطلاق ہو، اس طالب علم کی غیر حاضریوں اور رابطے کے نتائج کی اطلاع دے؛ اور
   b. اس اسکول کے ACS دفتر کے قابل اطلاق شراکت دار سے رابطوں کو ILOG میں ریکارڈ کرے۔

3. اسکول کے نامزد کردہ عملے کے فرد کو چاہیے کہ معاونت کے لیے NYCPS کے عارضی نگہداشت دفتر سے بھی رابطہ کرے۔

E. **SCR کو خدشات سے آگاہ کرنا**

کسی بھی مرحلے میں اگر عملے کے رکن کے پاس شبہ کرنے کی معقول وجہ ہو کہ اطفالی فلاح و بہبود شمولیت کے حامل بچے کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاو برتا جا رہا ہے، عملے کے رکن پر لازم ہے کہ: (a) جز II.D کے تحت SCR اس شبہ کے بارے میں فوری اطلاع دے؛ اور (b) اور یقینی بنائے کہ موزوں ACS دفتر یا رضاعی نگہداشت فراہم کنندہ ادارہ، جو بھی قابل اطلاق ہو، سے فوراً رابطہ کیا جائے۔ اگر کسی بھی وقت عملے کے رکن کے پاس یہ سمجھنے کی وجہ ہو کہ کسی بچے کی صحت یا حفاظت کو ایک ناگزیر خطرے کا اندیشہ ہے یا کسی بچے کو فوری طبی توجہ درکار ہے عملے کے اس رکن کو 911 پر لازماً کال کرنی چاہئیے۔

صرف خراب حاضری، بغیر کسی دیگر معقول شبہ کے کہ بچے کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاؤ ہو رہا ہے، SCR کو کال کرنے کی ضرورت نہیں بنتی۔ ایسی غیر حاضری کے مسائل سے نمٹنے کے لیے شامل ACS ٹیم اور / یا نگہداشت فراہم کنندہ کے ذریعے رسائی کی جانی چاہیے۔

## V. اطلاع کاروں کے لیے قانونی مسائل

### A. جواب دہی سے استثناء

اسکول کے کسی بھی ملازم کو نیک نیتی سے رپورٹ تیار کرنے، تصویریں لینے، بچے کو نکالنے یا رکھنے، سماجی خدمات کے قانون اور اس ضابطے کے تحت دیگر مراعات کے لیے بچے کی حفاظتی خدمات کی معلومات کو افشا کرنے کی وجہ سے کسی بھی ذمہ داری، دیوانی یا فوجداری جواب دہی سے استثناء حاصل ہوگا جو بصورت دیگر اس قسم کے فعل پر عائد ہو سکتی ہوں۔ اطلاع کاروں کی نیک نیتی کو فرض کر لیا جاتا ہے، بشرطیکہ ایسے افراد اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی پر عمل پیرا ہوں، اپنے ملازمت کے دائرے کار میں رہتے ہوئے، اور ایک اطلاع نامے کے بنانے، تصاویر لینے، یا بچے کو ہٹانے یا رکھنے یا بچے کی تحفظاتی خدمات کی معلومات کو سماجی خدمات کے قانون کے مطابق افشا کرنے میں دیدہ دانستہ طور پر بڑی غفلت کا مرتکب نہ ہوا ہو۔ جانتے بوجھتے ہوئے ایک غلط بنائی گئی رپورٹ اس اطلاع کار کے لیے فوجداری اور دیوانی ذمہ داریوں کا موجب بن سکتی ہیں۔

### B. اطلاع نہ کرنے پر جواب دہی اور جرمانے

دیدہ دانستہ اور / یا جانتے بوجھتے ہوئے بچے کے ساتھ بد سلوکی یا برے برتاو کے خلاف اطلاع دینے میں ناکامی کا نتیجہ مجرمانہ عمل یا دیوانی ذمہ داری ہو سکتا ہے، اگر ملازم کے پاس بچے پر زیادتی یا بُرے برتاؤ کا شبہ کرنے کی معقول وجہ موجود تھی۔ اس ملازم کے خلاف NYCPS کی جانب سے نتیجتاً تادیبی کاروائی بھی کی جا سکتی ہے۔

### C. انتقامی کاروائی کی ممانعت

اسکول اور / یا NYCPS کے دیگر اہلکار کسی ملازم کے خلاف اس ضابطے کی پیروی کرتے ہوئے اقدامات کرنے پر کسی قسم کی ذاتی انتقامی کاروائی نہیں کر سکتے۔

### D. اسکول کے عملے پر عدالتی حکم نامہ (Subpoena) کی تعمیل

اسکول کے عملے پر لازم ہے کہ تمام قانونی طور پر جاری کردہ عدالتی احکامات (Subpoena) پر عمل کریں۔ اگر کسی موقع پر عملے کے رکن کو عدالت میں حاضر ہونے یا بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے کیس میں دستاویزات فراہم کرنے کے لئے عدالتی حکم ملتا ہے، اس پر لازم ہے کہ وہ فوری طور پر مہتمم کے دفتر میں طالب علم خدمات منیجر سے رابطہ کرے۔ اس کے علاوہ عدالت میں حاضر ہونے کے حکم کے لیے، سینئر فیلڈ کونسل سے رابطہ کرے۔ ریکارڈز کے لیے عدالتی حکم ناموں کے لیے DOESubpoenas@schools.nyc.gov پر رابطہ کریں.

اگر عدالتی حکم کسی حکومتی ادارے کی طرف سے آیا ہوا ہو، تو عملے کے اس رکن کو چاہیے کہ وہ عدالتی حکم پر درج وکیل سے رابطہ کرے اور درخواست کرے کہ اس کو عدالت میں حاضر ہونے کے بارے میں ٹیلیفون پر خبردار رکھے۔ ٹیلیفون کے ذریعے انتباہ کیے جانے سے عملے کے رکن کو عدالت میں اسکی ذاتی حاضری مطلوب ہونے تک اسکول میں رہنے کا موقع مل جاتا ہے۔ تجویز کی جاتی ہے کہ عملے کے ارکان کو معلوم ہونا

چاہئیے کہ سماعت کے دوران کس چیز کی توقع کرنی چاہئیے اس بارے میں، عدالت میں حاضر ہونے سے پہلے سرکاری وکیل کے ساتھ بات کریں۔ عملے کا رکن یہ درخواست بھی کر سکتا ہے کہ وکیل ان کی شہادت سے قبل عدالت کے کسی علیحدہ کمرہ میں انتظار کرنے کا بندوبست کرے۔

E. **ملازم کا قانونی نمائندگی کرنے کی ایک درخواست دینے کا استحقاق**

ایک ملازم کے پاس یہ درخواست دینے کا استحقاق ہے کہ نیویارک شہر شعبئہ قانون اس ضابطے کی پیروی میں لیے جانے والے اقدامات کے سلسلے میں اسکے خلاف کسی دیوانی کاروائی میں انکا دفاع کرے۔

عام طور پر ایک ملازم قانونی نمائندگی اور ہرجانے سے تحفظ کا حقدار ہوتا ہے اگر متعلقہ وقت کے دوران، ملازم اپنی عوامی ملازمت کی حد میں رہتے ہوئے اور اپنی ذمہ داریاں نبھا رہا ہے اور کسی قسم کے قانون کی یا NYCPS کے ضابطوں کی خلاف ورزی کا مرتکب نہیں ہوا ہے۔ قانونی نمائندگی اور ہرجانے سے تحفظ ان نیک نیت رپورٹروں کو فراہم کی جائے گا جن کے خلاف بچے کے ساتھ مشتبہ زیادتی یا برے برتاو کی اطلاع دہی کے لئے مقدمہ دائر کیا گیا ہو۔

توجہ کریں: اطلاع کاران کسی اطلاع کے بارے میں سوالات اور خدشات کے سلسلے میں ACS دفتر برائے حفاظت سے 718-543-7233 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**VI. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت کی ٹیمز کی ذمہ داریاں**

**A.** بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخل کی اسکول ٹیمز

1. ہر اسکول کے پرنسپل پر لازم ہے کہ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت کی اسکول ٹیم قائم کرے۔ پرنسپل اور نامزد کردہ کے علاوہ، اس اسکول ٹیم میں شامل ہونے چاہئیں، مگر انہی تک محدود نہیں: ایک منتظم؛ رہنما مشیر؛ UFT کا نمائندہ؛ والدین کا نمائندہ؛ طلباء کی خدمات عملے کے دیگر نمائندہ (نمائندگان)؛ اور اسکول قیادتی ٹیم کے ایک نمائندہ۔
2. ہر پرنسپل کو چاہئیے کہ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلتی ٹیم میں سے ایک عملے کے ملازم کو مہتمم کے دفتر میں بطور طالب علم خدمات منیجر مامور کرے (جسکا حوالہ بطور نامزد رابطہ کار دیا گیا ہے)۔ نامزد رابطہ کار اداروں کے درمیان ابلاغ اور اسکول، ACS اور عارضی نگہداشت اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے میں سہولت کاری میں مدد فراہم کرے گا اور بچے کے ساتھ بدسلوکی، بشمول انسانی بردہ فروشی (ٹریفیکنگ) اور استحصال سے متعلقہ خدمات کے لیے بطور رابطہ فرد (پوائنٹ پرسن) خدمت انجام دے گا۔
3. اسکول کی بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت ٹیم ان امور کو انجام دے گی:
    a. سالانہ بنیاد پر، بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت کا منصوبہ تیار کرے گی اسے نافذ کرے گی اور اسکی تجدید کرے گی، جو کہ اس اسکول کے سالانہ "جامع اسکول اور نوجوانان فروغ کے منصوبے" کا حصہ ہے جسے ہر تعلیمی سال کے **31 اکتوبر** تک جمع کروانا لازمی ہے۔ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلتی منصوبے میں عملے کی تربیت اور بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے بارے میں والدین اور طلباء کے لیے تعلیمی پروگرامز لازماً شامل ہونے چاہئیے۔ (تربیت اور والدین اور طلباء کی تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے جز VII ملاحظہ کریں)۔
    b. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت کے بارے اسکول کے عملے کو

مہتمم کے دفتر میں طالب علم خدمات منیجر کے ساتھ باہمی اشتراک میں تربیت، وسائل اور صلاح کاری فراہم کریں۔ ٹیمیں، پرنسپل کی صوابدید پر، عملے کی کانفرنسوں اور تیاری کے وقت کو، معاہداتی شرائط کے مطابق، ایسے وسائل اور صلاح کاری کو تیار کرنے اور ایسی تربیت فراہم کرنے کے لیے استعمال کرسکتی ہیں۔

c. مقامی سماجی خدمت کے اداروں کو عملے، طلبا اور والدین کی بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد کے سلسلے میں خدمات / تربیت فراہم کرنے کے لئے استعمال میں لائیں۔ اسکول میں تربیت کے لیے ACS عملے کی شراکت میں رابطہ کاری کے لیے ACS تعلیمی یونٹ دستیاب ہے۔ تربیت کی درخواستوں کو یہاں بھیجا جا سکتا ہے Education.unit@acs.nyc.gov یا 212-453-9918 پر بذریعہ فون کیا جا سکتا ہے۔

**B. مہتمم کے دفاتر**

1. مہتمم ایک فرد نامزد کرے گا، جو عام طور پر طالب علم خدمات منیجر یا اس کے بعد آنے والا ہوتا ہے، جو بچے کے ساتھ بدسلوکی اور خراب برتاو کے معاملات میں اسکولوں کو کاروائی میں معاونت فراہم کرنے کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ خصوصاً، نامزد فرد ذیل کے لیے ذمہ دار ہے:
   a. ہر اسکول کے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسدادی اور مداخلتی منصوبے کا جائزہ لینا، معائنہ کرنا اور منظور کرنا؛
   b. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور غفلت کے انسداد، SCR ،ACS، اور دیگر خدمت فراہم کنندگان کے لیے بطور NYCPS شہرگیر رابطہ کار خدمت انجام دینا؛
   c. ACS، کمیونٹی اداروں اور دیگر خدمات فراہم کنندگان کے ساتھ اسکول کے عملے، والدین اور طلباء کے درمیان رابطے اور خدمات میں بہتری لانے کے لیے باعمل تعلقات قائم کرنا؛
   d. SCR کو دی جانے والے تمام کیسوں پر پرنسپل حضرات سے تحریری اطلاع نامے وصول کرنا اور ACS کے ساتھ قریبی رابطہ برقرار رکھنا؛ اور
   e. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی پالیسیوں اور انسداد پر اسکول منتظمین، نامزد رابطہ کاران اور اسکول کے بچوں کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی روک تھام اور انسدادی ٹیموں کے لیے مسلسل معاونت اور تربیت فراہم کرنا جیسے کہ جز VII میں واضح کیا گیا ہے۔
2. نامزد فرد اس کا بھی ذمہ دار ہے کہ یقینی بنائے کہ تمام اسکول اپنے اسکولوں میں اطفالی بہبود کے شمولیت کے حامل طلباء کی فہرستیں حاصل کرکے ان کا جائزہ لیں اور مناسب اقدامات کریں جیسے کہ جز IV.C میں واضح کیا گیا ہے۔

## VII. عملے کی تربیت اور والدین اور طالب علم کی تعلیم

**A. عملے کی تربیت**

1. ایک سالانہ بنیاد پر، تمام نامزد رابطہ کاران کو لازماً نامزد رابطہ کاری کی تربیت ملنی چاہئیے، جو مشتبہ بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی شناخت کرنے اور NYCPS کو اطلاع دینے کے پروٹوکولز سے متعلق ہے۔
2. اسکول کے تمام عملے کو لازماً ایسی تربیت فراہم کرنی چاہیے جس سے وہ اس قابل ہو سکیں کہ اس ضابطے کے تحت اطلاع دینا اور دیگر ذمہ داریاں پوری کر سکیں۔ ایسی تربیت ہر سال 31 اکتوبر تک منعقد ہو جانی چاہئیے اور اس میں لازماً شامل ہونا چاہیے:
   a. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی علامات؛

b. اس ضابطے کے تقاضے، بشمول بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی رپورٹ کو کب لازماً بنانا چاہئیے اور کس طرح مقامی CPS تفتیشات میں تعاون کرنا چاہئیے؛
c. بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کے واقعات کی اطلاع دینے سے پہلے، دوران اور اس کے بعد طلباء اور والدین کے ساتھ کام کرنے اور انتظام کرنے کے طریقے؛ اور
d. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی اطلاع دینے سے متعلق قانونی پہلو اور نتائج، بشمول مگر اسی تک محدود نہیں رازداری کے تقاضے اور اطلاع دینے میں ناکامی کے نتائج؛ اور۔
e. خاندانوں کے لیے دستیاب وسائل۔

3. نامزد رابطہ کاران اور اسکول نرسوں کو بچے کے ساتھ مشتبہ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کی اطلاعات سے متعلق چوٹ کے ظاہری نشانات کی تصاویر لینے کی تربیت فراہم کی جانی چاہیئے۔ اگر اس اسکول کی عمارت میں کسی نرس کی نامزدگی نہیں ہوئی ہے، پرنسپل کی جانب سے عملے کا متبادل نشاندہی کردہ رکن جس کی تصاویر لینے کے لیے اور کوئی اضافی عملہ جو اس مقصد کے لیے نامزد کیا گیا ہے جیسے کہ جُز II.F.1 میں دیا گیا ہے، ان کو ایسی تربیت کا فراہم کیا جانا لازمی ہے۔

### B. والدین کی شرکت

1. تمام اسکولوں پر لازم ہے کہ والدین کے لیے بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ پر تعلیمی پروگرام بنائیں اور انہیں فراہم کریں۔ ایسے پروگراموں میں بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ سے متعلق قانون بیان کیا جانا چاہئیے، بشمول بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت اور بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے مشتبہ کیسوں کے بارے میں اطلاع دینے کے لیے اسکول کی ذمہ داری شامل ہے۔ اسے پروگراموں میں اسکول - والدین کے معاونتی گروپ کا قائم کیا جانا اور والدین کی صلاحیتوں کو فروغ دینے کی سرگرمیاں بھی شامل ہو سکتی ہیں۔
2. والدین کی تعلیمی سرگرمیاں مثبت انداز میں پیش کی جانی چاہئیں اور بنیادی طور پر اس پر زور دینا چاہئیے کہ اس اسکول نے بچوں کو تحفظ دینے اور خاندانوں کی مدد کرنے کے لئے کیا تیاری کی ہے۔
3. اسکول اور برادری میں موجود وسائل کو والدین اور بچوں کو بلا واسطہ اور بالواسطہ دونوں معاونت کی پیشکش کرنے کے لئے استعمال میں لایا جانا چاہیے۔ دلچسپی رکھنے والے والدین کے لیے ایک ACS معاونتی لائن 676-7667 (212) دستیاب ہے۔ SCR کو کال کیے بغیر اجتماعی فراہم کنندگان کے ذریعے تھیراپیوٹک (طبی) اور عملی معاونتی خدمات دستیاب ہیں۔ مزید معلومات کے لیے، اسکولوں کو چاہیے کہ تعلیمی غفلت کی اطلاع دینے پر NYCPS-ACS کی مشترکہ پالیسی کے لیےNYCPS کی بچے کے ساتھہ بدسلوکی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

### C. طالب علم کی تعلیم

1. اسکولوں پر لازم ہے کہ تمام طلباء کو ذیلی معلومات فراہم کریں، جنکو موجودہ صحت اور حفاظت کے ذیلی پروگراموں میں شامل کیا جاسکتا ہے:
   a. بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ، جنسی بدسلوکی اور حملہ ہونے کے بارے عمر کی مناسبت سے طلباء کو معلومات فراہم کرنا اور سرگرمیاں کرنا؛ اور
   b. عمر کی مناسبت سے بچاو کی حکمت عملیوں کے بارے معلومات اور ذاتی حفاظتی صلاحیتوں کو فروغ دینا۔
2. گریڈز K-8 کے تمام طلباء عمر کی مناسبت سے تدریس حاصل کریں گے جسے بچے کے استحصال اور جنسی زیادتی سے بچاؤ کے لیے تشکیل دیا ہو۔

3. انفوہب پر تعلیمی وسائل دستیاب ہیں۔ وسائل میں تعلیم سے متعلق معلومات اور طلباء اور والدین کو سمجھنے میں مدد دینا شامل ہے کہ اگر ان کے یا کسی اور کو جنہیں وہ جانتے ہیں کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاو (بشمول بچے کے ساتھ بدسلوکی اور برا برتاو، اغوا کیا جانا، گھریلو تشدد، نظم و ضبط اور ڈیٹنگ تشدد) ہوا ہے تو کس طرح مدد اور مداخلت حاصل کی جاسکتی ہے۔

## VIII. NYCPS ملازمین کی جانب سے غلط طرزعمل پر اطلاع دینے کی ذمہ داری

NYCPS کے ہر ملازم یا افسر کا لازمی فرض ہے کہ وہ فوری طور پر نیو یارک شہر اسکول ضلع کے خاص تفتیشی کمشنر کو NYCPS کے ملازمین یا اسکول کے پروگرام یا خدمات سے وابستہ دیگر افراد کی جانب سے طلباء کے ساتھ غلط طرزعمل سے متعلق فوراً اطلاع دیں، خواہ وہ اسکول کی عمارتوں کے اندر ہوں یا اسکول سے باہر۔ کسی NYCPS ملازم یا افسر کا جانتے بوجھتے ہوئے مذکورہ بد سلوکی کی اطلاع دینے میں ناکامی دفتر سے ہٹائے جانے یا ملازمت سے برطرف کر دینے کی وجہ بن سکتا ہے۔ جاری تفتیشوں کے بارے میں معلومات صیغئہ راز میں رہتی ہیں۔ چانسلر کے ضابطہ A-820 کے تحت خاص کمشنر برائے تفتیش کو دی جانے والی اطلاع میں طالب علم کی کوئی ذاتی قابلِ شناخت معلومات شامل نہیں ہونی چاہئیں۔

خاص کمشنر برائے تفتیش سے یہاں رابطہ کیا جا سکتا ہے:

212-510-1400

80 Maiden Lane - 20th Floor

New York, NY 10038

http://nycsci.org/

## IX. اعلانات

A. ہر اسکول پر لازم ہے کہ "چانسلر کا ضابطہ A-750 کے اہم نکات" کی ایک نقل کو نمایاں طور پر لگائیں۔ NYCPS بچے کے ساتھ بدسلوکی کی اطلاع کی ویب سائٹ سے ایک کاپی حاصل کی جاسکتی ہے:
B. ہر پرنسپل پر لازم ہے کہ تمام عملے کو، بشمول تدریسی اور غیر تدریسی عملہ کو چانسلر کا ضابطہ A-750 کے اہم نکات کی ایک نقل فراہم کریں۔
C. چانسلر کے ضابطے A-750 کی ایک کاپی عملے کے کسی بھی رکن کے درخواست کرنے پر فراہم کیا جانا لازمی ہے۔
D. ہر اسکول انگریزی اور ہسپانوی اور فراہم کردہ زبانوں میں جیسا کہ چانسلر کے ضابطے A-663 میں مطلوب ہے، بچے کے ساتھ بدسلوکی / بُرے برتاؤ کی OCFS ٹیلیفون ہاٹ لائن نمبر، انسدادی خدمات کی رابطہ معلومات، اور OCFS اور ویب سائٹ تک رسائی حاصل کرنے اور اطلاع دینے کی ہدایات حسب ذیل طریقوں سے فراہم کرے گا:

1. بذریعہ ڈاک: (a) ایک ٹول فری ٹیلیفون نمبر (1-800-342-3720) جو OCFS بچے کے ساتھ بدسلوکی یا خراب برتاو کی اطلاعات موصول کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے؛ اور (b) دفتر برائے اطفال اور اہل خانہ (OCFS) ویب سائٹ تک رسائی کے لیے http://ocfs.ny.gov/main/cps/

NYCPS بچے کے ساتھ بدسلوکی کی اطلاع کی ویب سائٹ سے اشاعت کی ایک نقل حاصل کی جا سکتی ہے۔

2. بذریعہ اشاعت: (a) انتظامیہ برائے اطفالی خدمات (ACS) انسداد معاونتی لائن (212-676-7667) یا ای میل connect@acs.nyc.gov، اور (b) معلومات NYCPS کی ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہے. ایسی معلومات اسکول کی عمارتوں اور اسکول کی ویب سائٹ پر، اگر اسکول کے پاس کوئی ویب سائٹ ہے، صاف نظر آنے والے مقامات پر چسپاں کی جائیں گی۔
3. ہر تعلیمی سال میں اسکول کی جانب سے تعین کردہ طریقے کے ذریعے کم از کم ایک مرتبہ والدین کو ایسی معلومات فراہم کرکے، مگر انہی تک محدود نہیں، الیکٹرانک رابطہ کاری یا ایسی معلومات کو طلباء کے ذریعے گھر پر بھیجا جانا؛
4. اسکول میں ہر استاد اور منتظم کو ایسی معلومات کی فراہمی؛ اور
5. ایسی معلومات کو ضلع اور اسکول کی سطح کے تنظیمی دفاتر پر دستیاب کیا جانا۔

## X. OORS کو اطلاع دینا

### A. بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کا OORS اطلاع نامہ

پرنسپل / نامزد کردہ سے ایک OORS رپورٹ جمع کروانے کا تقاضہ کیا جاتا ہے جب کبھی SCR کو بچے کے ساتھ بدسلوکی یا بُرے برتاؤ کی رپورٹ کی گئی ہے، 24 گھنٹے کے اندر جب پرنسپل / نامزد کردہ کو SCR کو رپورٹ کرنے کی اطلاع مل جائے اور "کال آئی ڈی" نمبر حاصل کر لیا جائے۔ پرنسپل / نامزد کردہ کو OORS کے اطلاع نامے میں اس "کال آئی ڈی" کو لازماً درج کرنا چاہیے۔ رپورٹ کے ماخذ کے بارے میں کوئی بھی معلومات درج نہیں کی جاسکتی کیونکہ یہ معلومات خفیہ ہے۔

OORS، NYCPS کی ویب سائٹ پر یہاں رسائی حاصل کی جا سکتی ہے: https://apps.schools.nyc/ospp/. دفتر برائے تحفظ اور نوجوانوں کی ترقی تکنیکی سوالات میں مدد کے لیے ایک ہیلپ ڈیسک فراہم کرتا ہے۔ یہ ہیلپ ڈیسک صبح 7:00 بجے - شام 7:00 بجے تک، پیر تا جمعہ دستیاب ہے۔ ہیلپ ڈیسک سے رابطہ کرنے کے لیے 718-935-5004 پر فون کریں اور OSYD ویب سپورٹ طلب کریں۔

## XI. تکنیکی معاونت

دفتر برائے تحفظ اور نوجوانوں کی ترقی اس ضابطے کے نفاذ میں مدد اور بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ کے انسداد اور مداخلت کی منصوبہ بندی تشکیل دینے میں معاونت فراہم کرتا ہے اور بچے کے ساتھ بدسلوکی اور بُرے برتاؤ پر تمام تربیت اور تعلیمی مواد / دستاویزات فراہم کرتا ہے۔ اسکول افسران کے لیے بچے کے ساتھ بدسلوکی کے انسداد کا اضافی مواد اور وسائل NYCPS کی بچے کے ساتھ بدسلوکی کی اطلاع کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ تکنیکی معاونت کے لیے شہر گیر رابطہ کار برائے بچے کے ساتھ بدسلوکی / غفلت کا انسدادی پروگرام (رابطہ معلومات کے لیے جُز XI ملاحظہ کریں)۔

## XII. سوالات

اس ضابطہ سے متعلق سوالات کو یہاں بھیجنا چاہیے:

| <u>ٹیلیفون:</u> | *Citywide Coordinator* | <u>فیکس:</u> |
|---|---|---|
| 212-374-0805 | *Child Abuse/Neglect Prevention Program* | 212-374-5751 |
| | Department of Education ،N.Y.C | |
| | 52 Chambers Street – Room 218 | |
| | New York, NY 10007 | |